طلسماتی دُنیا
مصنف
عاطل مہتاب احمد

دیوی، دیوتاؤں، بیر اور بھوت پلید کی تسخیرات پر مبنی ایک بہترین جامع کتاب

عملیات کے شائقین کے لیے تحفہ

ایسی نایاب کتاب نہ آپ نے دیکھی ہوگی نہ سنی ہوگی

کاشانۂ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، حضرت سیّد میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ، لاہور

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

ناشر

شہزادہ سید محمد علی زنجانی

نام کتاب : طلسماتی دنیا

مصنف : عامل مہتاب احمد

معاون : منجم شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

اشاعت دوم : فروری 2011ء

کمپوزنگ ٹائٹل : شہزاد شاکر

پرنٹرز : حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور

پبلشرز : منجم شہزادہ سید محمد علی زنجانی

قیمت : -/100 روپے

صفحات : 64

ISBN: 978-969-9571-03-9

کاشانہ زنجانی، D-125، گلبرگ 2،

حضرت سیّد میراں حسین زنجانی روڈ نزد مین مارکیٹ، لاہور پوسٹ کوڈ 54660

فون نمبر: 35752277-35872277

فہرست

رابطہ برائے مصنف

عامل مہتاب احمد

R/709 سیکٹر 8/C گلشن ظہور اے بی سینا لائن

لائنز ایریا کراچی 74400 موبائل: 0300-2240676

Email:mehtabhol@hotmail.com

تقریظ

نوجوان عامل جناب مہتاب احمد نے کتاب ''طلسماتی دنیا'' لکھ کر عملیاتی دنیا میں ایک نئی تاریخ مرتب کی ہے۔ اِس سے قبل بھی کئی مصنفین نے ''تسخیر الارواح'' پر کتابیں لکھی ہیں۔ مگر جو پائیداری کی بات ''طلسماتی دنیا'' میں ہے وہ کسی دوسری کتاب میں نہیں۔ ''طلسماتی دنیا'' تسخیرات پر ایک جامع ترین تصنیف ہے۔

سابقہ کتابوں میں ہندی زبان کے تلفظ الفاظ و لبِ لہجہ میں کافی غلطیاں و خامیاں ہیں۔ مصنف کو ہندی زبان پر پورا عبور حاصل ہے اور موصوف نے ہندی زبان سے پورا فائدہ اٹھایا ہے اور اپنی کتاب میں وہ نکات بیان کیئے ہیں جو بڑے بڑے عامل و مہاراج بھی نہیں بتاتے۔

موصوف نے ارواح کو تسخیر کرنے سے پہلے دیوی، دیوتاؤں و پریوں کے خلیہ و احوال روپ و رنگ بیان کیئے ہیں جو ابھی تک کسی مصنف نے نہیں بیان کیئے۔ صاحب مصنف نے بلا بخل حاضر چیز کے احوال خلیہ و خط و خال و نکات کو بیان کر کے بخل کے کفر کو توڑ دیا ہے۔

نوجوان عامل و مصنف کو میں دل کھول کر اِس کاوش پر داد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب انڈو پاک میں شہرت و عزت پائے گی۔

جیسا کہ ''مہتاب'' اندھیرے میں روشنی کرتا ہے اور بھٹکے ہوئے مسافروں کو راستہ دکھاتا ہے اسی طرح صاحب مصنف جناب مہتاب کی یہ کتاب انشاء اللہ مستطاب ان گم گشتہ افراد کے لئے مشعلِ خضر نُما ہوگی اور مبتدی و عاملین کامیابی کی طرف ضرور گامزن ہوں گے۔

میری دعا ہے کہ مصنف و مؤلف مہتاب کی کتاب ''مہتاب'' کی طرح چمکے۔ بندہ ناچیز مصنف موصوف کے لئے ہمہ وقت دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو شہرت و دوام بخشے آمین!

خادمِ فن

قیصر احمد بی۔ اے

حسنی و حسینی کراچی (پاکستان)

منگل ۲۱ / اپریل ۲۰۰۳

حاضر تسخیرات کے فوائد

حاضر چیزیں یعنی کسی بھی قسم کے دیوتا، دیویاں، اونی، موہنیاں، یوگنیاں، جوگنیاں، بھیرو، بیتالے، بیر، بیرنیاں، کسی بھی قسم کے بھوت، پلید، چڑیلیں، بمست ڈاکنیاں، یا کسی بھی قسم کے مؤکلات کو تسخیر کرنے کے بعد عامل کے سارے کام آسانی سے ہو جاتے ہیں۔

ان چیزوں کا عامل بڑے سے بڑے مسئلوں کو جلدی سے حل کر سکتا ہے۔ دوسرے کے دل کا حال اور راز جان سکتا ہے۔ جو کچھ منہ سے کہتا ہے وہ پورا ہو جاتا ہے۔ بہت قسموں کے چمتکار دکھا سکتا ہے۔ سنسار میں کوئی عامل کا دشمن نہیں ہوتا۔

سدھی کرنے کا وقت

ویسے تو سدھی یعنی تسخیر کرنے کے لئے الگ الگ وقت درکار ہوتا ہے۔ مگر بڑے بڑے سادھوؤں، رشیوں، اور فقیروں نے کسی بھی چیز کو حاضر کرنے کے لئے کچھ خاص وقت بتایا ہے۔ آشاڑھ سودی پورنماشی شکر وار کے دن گرو وار کے لادے میں نہا دھو کر اور پاک صاف ہو کر منتر جپیں یا پڑھائی کریں۔ یا شراون کرشن پڑیوا کے دن چندر بلی ہونے پر عمل شروع کریں۔

سادھن کے اصول

۱۔ ہمیشہ ہلکی کھیر کا بھوجن کریں۔

۲۔ سدا سچ بولیں اور برہمچاری بن کر رہیں۔

۳۔ دن میں کبھی نہ سوئیں اور ایک بار کھانا کھائیں۔

۴۔ مون ورت دھارن کریں۔

۵۔ رات کو کچھ بھی نہ کھائیں۔

۶۔ بھومی پر سوئیں۔ رکت چندن وشیش روپ سے لگاوے اور سفید رنگ کے کپڑوں کا سیوا بن کرتے رہیں۔

مہادیوی

عمل کرنے کا وقت: یہ دیوی رات کے تیسرے پہر میں سدھ ہوتی ہے۔ رات کو بتائے گئے وقت پر شمشان بھومی جا کر پیپل کے پیڑ کے چاروں اطراف اگر چیت کر کے نیچے لکھے گئے منتر کا جاپ کریں۔

منتر: اوم ہیِں کلیِں مہا دیوی پر دا ترنیے نم۔

یہ دیوی بہت سے روپ بدل کر عامل کو ڈراتی ہے۔ آتے وقت بھینسے کا روپ دھار لیتی ہے۔ جس وقت یہ آتی ہے ہر طرف اندھیرا اور آندھی لاتی ہے اور ہواؤں کا زور بڑھ جاتا ہے اور بادلوں کی گھٹا اتنی زور سے چلتی ہے کہ ہاتھ کو ہاتھ دکھائی نہیں دیتا پھر ایک دم اُجالا ہو جاتا ہے۔ پھر کالے رنگ کے بال بکھیرے ہوئے ناچتی ہوئی آتی ہے۔ جس کے دانت آگے کی طرف نکلے ہوئے، سر پر لال رنگ کا کپڑا لپٹا ہوا اور ماتھے پر سندور کا ٹیکہ لگا ہوا ہوتا ہے۔ جس کی صورت دیکھنے سے یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ کال یعنی موت کی یہی نشانی ہے۔ اسی طرح کے واقعات عمل کے دوران برابر ہوتے رہتے ہیں اگر عامل ان واقعات سے نہیں ڈرا تو پھر یہ دیوی اپنے درشن دیتی ہے۔

منوھاری دیوی

سدھ کرنے کا وقت: ٹھیک رات کے بارہ بجے سواتی نکشتر میں سنیچر کے دن سے عمل شروع کریں۔ عامل اس دیوی کا عمل شروع کرنے کے دن پرات کال چھور کرم کرا کر چھوٹے بچوں کو میٹھی دہی کا بھوجن کراوے اور یتھا شکتی اُن کو دان کرے اور ان سے وردان مانگے۔ جس سے سادھن نرودن سماپت ہوئے۔ پھر نرجن دن میں جا کر پیپل کے پیڑ کی جڑ میں کال بھیرو کی مورتی استھاپت کر کے اس کو اشنان کرا کے پھر دھوپ دیپ سے پوجن کر کے پیچھے پرتی ۱۰۰۰ مرتبہ لکھے گئے منتروں کا جاپ کریں۔

منتر: اوم ہیِں ھُو ھُو فَتَوُ سواھا ۔ اوم فَتَوُ سواھا ۔ اوم ہیِں فَتَوُ سواھا منوھری دیویئے نم۔

طریقہ: کالے دھاگے کی ڈوری میں رُدرا کچھ کے دانے ڈال کر مالا بنائیں۔ پھر اگر

چیت ہو کر جاپ کریں۔ ۷۰ اچنے پر ایک آٹے کا پُتلہ رکھتا جائے۔ اور جیسے سادھن سماپت کرے تب سب کو ایک ڈوٹھا بنا کر اپنے مکان کے پیچھے گاڑھ دے۔

سوو روپ

جس وقت یہ آتی ہے پھولوں کی خوشبو ساتھ لاتی ہے۔ اس کے آگے آگے بہت قسموں کے جانور شیر، چیتے، وغیرہ اپنے روپ بدلتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ کسی کسی جانور پر دھنے راج سوار ہوتے ہیں۔ پیچھے پیچھے چندر مُکھی شنکھنی ہاتھوں میں پشپوں کی مالا لئے آتی ہے۔ اس دیوی کا روپ سفید گورے رنگ کی ۱۴ سالہ کنیا کی مانند چار شنکھنیوں کے کاندھوں پر سنہاسن پر بیٹھی ہوئی درشن دیتی ہے۔ گلے میں پھولوں کا ہار پڑا ہوتا ہے۔ ہاتھوں میں کنول کے پھول لئے ہوتی ہے۔ ماتھے پر سندور کا ٹیکہ لگا ہوا ہوتا ہے۔ سر کے بال پیچھے کی طرف کھلے ہوئے لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب یہ پرسند ہو جائے تو یہ اپنی پہچان تین طرح سے دیتی ہے۔ دولت، عزت، اور خود اپنا۔ عامل کو چاہئے کے ان تینوں چیزوں میں جو روپ چاہے اپنے لیئے ایک روپ کو منتخب کرلے۔

منتر گنیشاہ

منتر: اوم گنگ گپتیئے نمہ.

اس منتر کا مطلب گنیش دیوتا کو سلامی دینا ہے۔ اس منتر کے جاپ کرنے سے عامل کو گنیش دیوتا درشن دیتے ہیں۔ مگر عامل کے وچار میں کوئی کھوٹ نہ ہو اور من کی سچی لگن کے ساتھ جاپ شروع کرے، تب ہی عامل اپنے من کی اِچھا مطلب مراد پاتا ہے۔ سوو روپ: ہاتھی کے سر والا جس کا دھڑ انسانوں جیسا ہوتا ہے۔ کسی بھی پڑھائی یا جاپ سے پہلے اس کی پوجا کی جاتی ہے۔ بہت نرم دل کا مالک ہوتا ہے۔ بڑی طاقت کا مالک ہوتا ہے۔

گنیش گائتری منتر

منتر: اوم اِیکادنتایا وِدمہے وکرا تنڈایا دھی مہی تنّو دنتی پراشودایت.

اِس منتر کے ذریعے سے جاپ کرنے والے کی تمام پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں۔ وہ مشکلات و پریشانیاں جو دیکھی یا اَن دیکھی ہوں یا آنے والی ہوں سب دور ہو جاتی ہیں۔ منتر برائے مہادیو شیو شنکر

منتر: اوم نمہ شیوائے

یہ سنسار کے پانچ چیزوں سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ زمین، پانی، آگ، ہوا اور آسمان۔ اس کا منتر پڑھنے سے یوگا سدھی پراپت ہوتی ہے اور مہادیو کی پوجا کی جاتی ہے۔ اسی منتر سے شیو کا وردان حاصل ہوتا ہے اور اسی منتر شیو کے درشن کیے جاتے ہیں۔

سوو روپ

شیو شنکر، مہادیو، بھولے ناتھ، مہا پربھو یہ سب ایک ہی دیوتا کے نام ہیں۔ یہ ہندوؤں میں بڑا دیوتا ہے اور بڑی شکتیوں کا مالک ہے۔ اس کے گلے میں سانپ ہار کی شکل میں لٹکے رہتے ہیں۔ اس کا دھڑ چیتے کی کھال سے ڈھکا ہوتا ہے۔ ہاتھ میں ایک ترشول ہوتا ہے اس ترشول پر ڈگڈگی بندھی ہوتی ہے۔ اس کے سر کے بال کاندھوں تک لہراتے رہتے ہیں اور سر کے بیچ کے بال ایک جوڑے کی شکل میں رُدرا کچھ کے دانوں سے بندھا ہوتا ہے۔

شیو کا گائتری منتر

منتر: اوم تتپشایا ودمہے ساھس رکشیہ مہا دیوائے دھیمَہ مہی تنّور درا ۵ پراچھودائت.

رام کا منتر

منتر: اوم دسرا تھنئے وِدمہے سیتا ولّبھے دھیمہ مہی تنّو رامہ پراچھودائت.

سوو روپ

رام وشنو دیو کا اوتار ہے اس کی شکل خوبصورت درمیانہ قد اور سر کے بال لبے جوگیوں کی طرح پیلا لنگوٹ اور پیلی چادر بدن پر ڈالے ہوئے ہوتا ہے۔

وشنو کا منتر

منتر: اوم نرینگ نرینگ نرینگ نر سنگھائے (نرسھمائے) نمہ اوم.
اس منتر کو لگاتار ۱۷۰۰۰ بار پڑھنے سے وشنو درشن دیتے ہیں۔

سوروپ

وشنو اوتار نرسنگھا جو کے شیر کا سر اور نیچے دھڑ جس کا انسانوں جیسا ہوتا ہے۔ ہندوؤں کا سب سے بڑا بھگوان ہوتا ہے۔ اس کے سر پر ہیرے موتیوں کا تاج ہوتا ہے۔ اور ہاتھ میں ایک چکرا ہوتا ہے جس کی مدد سے وہ اپنے دشمنوں کا وناش کرتا ہے۔ (بلا اجازت جاپ کے عملیات سے گریز کریں۔)

منتر برائے منسا دیوی

منتر: اوم ہریم شریم کلیم ایم منسا دیویے سواھا.

منتر برائے دھنوانتری چنڈی

منتر: اوم ہریم شریم چنڈیکائے نمہ.

منتر برائے دُرگا دیوی

منتر: اوم شری دم درگائے نمہ.

اوم کاتیاآنیائے ودمہے کنیا کماری دھیم مھی تنو در گا پراچھو دائت.

منتر برائے لکشمی دیوی

منتر: اوم شری مھا لکشمئے نمہ.

اوم مھا لکشمئے ودمھے وشنو پریائے دھی مھی تنو لکشمی پراچھو دائت. تسخیر برائے ادرونا بنتا پدِرُونا بنتی

منتر: ادرونا بنتا پدرونا بنتی.

طریقہ: رات کے بارہ بجے ننگے ہو کر سامنے سرسوں کے تیل کا نیا چراغ جلائیں اور سادے کاغذ پر ایک بار پڑھیں اور سندور کا ٹیکہ لگائیں۔

۱۰۱ منتروں کے ساتھ ۱۰۱ ٹیکے لگائیں۔ ۱۳ دن بعد پدرونی مدراسن حاضر ہو کر کام

کرے گی۔ مگر آپ پڑھائی ترک نہ کریں پڑھائی پوری ۲۱ دن کریں پھر قول واقرار لے کر عمل ختم کریں۔

توشہ: سرسوں کے تیل کا نیا چراغ، سندور، اور گوگل لوبان کی دھونی دیں۔

عمل کی تعداد: ۱۰۱ عمل کی مدت: ۲۱ دن

تسخیر کالا کلوا

منتر: کالا کلوا چونسٹھ بیر میرا کلوا بھاگا تیر جہاں کو بھیجوں وہاں کو جائے ماس مجھ کو چھونہ جائے اپنا مارا آپنا کھائے چلت باندھ ماروں الٹ موٹھ ماروں مار مار کلوا تیری آس چار چوکھا دیا نہ جائے ماروں اسی کی چھاتی اتنا میرا کام نہ کرے تجھے تیری ماں کا دودھ پیا حرام۔

طریقہ: شروع چاند کے منگل کے دن یعنی نوچندے منگل کو عمل شروع کریں۔ قبرستان جا کر ایسی قبر تلاش کریں جو بیٹھی ہوئی ہو۔ اس قبر کے اندر سندور کا چوکا لگا کر اس پر ایک نیا سرسوں کے تیل کا چراغ روشن کریں۔ اور اسی کے سامنے بیٹھ کر عمل کریں۔ عمل کے دوران اگربتی یا گوگل لوبان کا بخور روشن کریں۔ عمل کی تعداد کا خاص خیال رکھیں۔ عمل کے دوران گوشت، انڈہ، مچھلی، مرغی، کچی پیاز، ادرک، لہسن کھانے سے سختی سے پرہیز کریں۔ نفسانی خواہشات پر قابو رکھیں تا کہ عمل خراب نہ ہونے پائے۔

عمل کی تعداد: ۳۶۳ مدت: ۲۱ دن

تسخیر لونا چماری

منتر: پاروں آئے بچ اسماعیل جوگی اسماعیل جوگی کی لگی پھلواڑی پھول چگے لونا چماری پھول ہنسے پھول وسے جو ناری لے پھولوں کی واسنا چلی آئے ہمارے پاس نہ آئے تو لونا چماری کی چوٹ کھائے نہیں آئے تو سر سے جائے سلامُن قولاً مِن ربّ رحیم یا عزیز من قیوم یا حیّ یا قیوم مِن قُلِ قلوب قُل نہ یانا روکنی بارہ دم سلامُن لاج ابراہیم۔

طریقہ: شروع چاند کے پیر یا منگل کے دن یعنی نوچندے کو عمل شروع کریں۔ قبرستان جا کر ایسی قبر تلاش کریں جو بیٹھی ہوئی ہو۔ اس قبر کے اندر سندور کا چوکا لگا کر اس پر ایک نیا سرسوں کے تیل کا چراغ روشن کریں۔ اسی کے سامنے بیٹھ کر عمل کریں۔ عمل کے دوران اگر

بتی یا گوگل لوبان کا بخور روشن کریں۔ عمل کی تعداد کا خاص خیال رکھیں۔ عمل کے دوران گوشت، انڈہ، مچھلی، مرغی، کچی پیاز، ادرک، لہسن کھانے سے سختی سے پرہیز کریں۔ نفسانی خواہشات پر قابو رکھیں تا کہ عمل خراب نہ ہونے پائے۔

عمل کی تعداد: ۱۰۸ مدت: ۴۱ دن

پیر کا عمل

منتر: تارا نوُری سواہا.

طریقہ: اس منتر کا جاپ نوچندی جمعرات سے شروع کرنا ہے۔ مگر اس کی کچھ شرائط بھی ہیں جن کے بغیر عمل پورا نہیں ہوتا۔ شرائط مندرجہ ذیل ہیں:۔

(1) نوچندی جمعرات کو روزہ رکھیں۔

(2) روزہ صرف کھیر یا دودھ سے افطار کریں۔

(3) رات ۱۲ بجے عمل شروع کریں۔

(4) شنگرف سے حصار کریں۔

(5) منہ شمال کی طرف ہوگا۔

(6) گائے کے خالص گھی کا نیا چراغ جلے گا۔

(7) لال (سرخ) جوڑا پہن کر عمل پڑھیں اور عطر لگائیں۔

توشہ: ۸ عدد چھالیہ ثابت، ۸ عدد الائچی، ۸ عدد لونگیں اپنے سامنے رکھ کر پھر پڑھائی کریں۔

عمل کی تعداد: ۵۰۰۰ مدّت عمل: ۲۱ دن

سندھونی دیوی کا عمل

منتر: اوم اکنج اکنج یا شری سندھونی اوم مت مت یودھا سوھا یا بدوّح.

طریقہ: روزانہ رات کو ۱۲ بجے عمل پڑھیں۔ عمل چاند کے پہلے منگل سے شروع کریں۔ توشہ سامنے رکھ کر عمل پڑھیں۔ عمل کی تعداد کا خاص خیال رکھیں۔

عمل کی تعداد: ۱۰۰۸ مدّت عمل: ۲۱ دن

حاضری برائے موھنی

منتر: موھنی موھنی میں کہوں موھنی تیرا نام، بھری سبھا کے بیچ دیکھوں تیرا کام، چل موھنی راجہ ایندر کے اکھاڑے کی رانی۔ توشہ: ۵ رنگ کی مٹھائی، گیندے کے پھول، سندور، مسّی، سرخی، دھوپ، گوگل، لوبان، سُرخ چوڑیاں۔

طریقہ: پھول روزانہ تازے رکھیں۔ عمل روزانہ ایک وقت پر کریں۔ عمل کی تعداد کا خاص خیال رکھیں ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا۔ رات کے بارہ بجے سارے توشے کو سامنے رکھ کر عمل شروع کریں۔ دھوپ، گوگل، لوبان کی دھونی دیں۔

عمل کی تعداد: ۳۶۳ روزانہ عمل کی مدت: ۲۱ دن

سوروپ: موہنی مہندی رنگ کی ساڑھی پہنے ہوئے ہوتی ہے۔ چہرے کی رنگت گندمی درمیانہ قد بڑی بڑی خوبصورت آنکھیں سر کے بال جُوڑے کی شکل میں بجے ہوئے اور بالوں میں گیندے کے پھول لگے ہوتے ہیں۔

حاضری برائے میلڑی

منتر: میلوی میلوی تو جگ نی رانی حول کڑے تارو روپ، تتے نمیں موٹا بھوت بھوت باری نے بھرت کیرا اخودی نے کھپر کیرا، چھن چھنے سونانی چوڑی جگ ماں کوڑی جیاں سمرو، میلوی ماں کھڑی ھمارے بلاوے نا آوے تو شری رام چندر کی دہائی لاگے۔

توشہ: آم کی لکڑی سوا انگل، سندور، سرسوں کے تیل کا نیا چراغ، سفید لنگوٹ، دو مٹی کی پیالیاں، دھوپ گوگل لوبان۔ ماتھے پر صندل کا ٹیکہ لگائیں۔

طریقہ: سفید لنگوٹ پہن کر نہا دھو کر اپنے سامنے سرسوں کے تیل کا نیا چراغ روشن کریں اور ایک پیالی میں سندور بھر کر اپنے سامنے رکھیں اور دوسری پیالی میں آٹا بھر کر آم کی لکڑی کو سندور لگا کر آٹے میں کھڑی کریں اور پھر پڑھائی کریں۔

عمل کی تعداد: ۱۰۸ مدت: ۴۰ دن

سوروپ: میلوی دیوی دراصل کتے پہ آتی ہے۔ سانولے رنگ والی لمبا قد گلے میں موتیوں کے ہار دھارن کیئے ہوتی ہے۔ میلوی کو مسانی بھی کہا جاتا ہے۔ اس سے آپ ہر

طرح کے کام لے سکتے ہیں۔

حاضری برائے ویسکمچھا دیوی

منتر: کافِر ادا ویسکمچھا دیوی تان وسے اسماعیل جوگی ویٹھا
بیڑا پھلا بیڑا آئے جاتے دوسر ابیڑا دکھلاوے چھاتی تیسرا بیڑا انگ لپٹا
دمے گرو کا منتر اِچھو ڈھائی گور کھی ناتھ کی۔

طریقہ: اس عمل کو چڑھتے چاند میں پیر یا منگل کے دن شروع کریں اور عمل کے دوران کوئی بھی بُرا خیال دل میں نہ آنے دیں ورنہ عمل رائیگاں جائے گا۔ پرہیز متواتر کریں۔ کوئی بھی اچھے قسم کے بخور کی دھونی دیں۔

توشہ: ۷ رنگ کی مٹھائی، ۷ رنگ کے پھول، بخور اور سندور۔

عمل کی تعداد: ۱۰۱ مدت یوم: ۱۴۱ دن

سوروپ: گورا رنگ بڑی بڑی گھنی زلفیں جن میں کھو جانے کو دل کرے اس دیوی کو تو جو دیکھ لے وہ اسی کا ہو جائے کسی اور چیز کی تمنا ہی نہ کرے فیروزی ساڑھی میں ملبوس ہیرے موتی سے لدی ہوئی اپنے عامل کو چار کنیاؤں کے کاندھے پر سوار ہو کر درشن دیتی ہے۔

حاضری برائے بجری دیوتا (سفلی)

منتر: بجری بجری بجر کیواڑ، بجری باندھے دسو دیوار، بجری آئے بجری جائے سارے جگ میں بجری سمائے جو کرے جادو ٹونا کبھی نہ وہ سکھ پائے۔

طریقہ: جاپ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ۳ رستوں کا اِنتخاب کریں اور ایک ہاتھ میں مالا پکڑیں اور دوسرے ہاتھ میں ۲ عدد پیڑے چھالیہ ثابت، ۲ عدد اگربتی لے کر جاپ کریں۔

توشہ: ثابت چھالیہ ۲ عدد پیڑے روزانہ، ۱ عدد اگربتی۔

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد: ۱۰۱ روزانہ

حاضری برائے سحر گلاب (گلابی پری)

عِبارت: اَقسمتُ علیکمُ یا سحرِ گلاب بَحق سلیمان علیہِ السلام بن داؤد علیہ السلام حاضِر شوُ حاضر شوُ حاضر شوُ۔

طریقہ: مقررہ تعداد تک روزانہ ایک ہی وقت پر پڑھائی کریں۔

توشہ: گلاب کے پھول، مٹھائی اور اگربتی۔

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد: ۳۱۴ روزانہ

حاضری برائے مشفِقہ تھمینہ بنتِ اِبلیس

عِبارت: اَقسمتُ علیکمُ یااَنل ملکہ مُشفِقَہ تھمینہ بنتِ اِبلیس بَحَقِ مطیعوُنَ غلکُم قاسین بِقھا سین یاسُھیل مُجھ پر عطا قونُولی فِي ما اُرِیدُ الوحاالوحاالوحا الساء الساء الساء۔

طریقہ: اس عمل کو تنہائی میں بیٹھ کر نوچندے سنیچر یا منگل سے شروع کریں۔ عمل ہمیشہ روزانہ مقررہ وقت پر ہی پڑھیں۔ عمل کی تعداد کا خاص خیال رکھیں۔ پرہیز کا خیال رکھیں۔ عمل کے دوران بخور ضرور جلائیں۔

توشہ: گوگل، لوبان اور ایک تسبیح۔

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد: ۱۱۰۰

عمل برائے بھنوری

عِبارت: عین. سیّدنا اُڑِری بھنوری ساون آئے۔

توشہ: جو کا دلیا' ایک پیالہ، دھوپ، ۵ یا ۷ عدد کنیر کے پھول۔

طریقہ: چاند کی ۱۲ تاریخ کی شب سے عمل شروع کریں۔ اپنے سامنے توشہ رکھیں۔ عمل روزانہ وقت پر ایک ہی جگہ پر کریں۔ مُنہ شمال مغرب کی طرف کریں۔

عمل کی مدت: ۱۳ دن تعداد: ۳۱۴ روزانہ

تسخیر کالا بھیرو

منتر: کالا بھیرو کالی رات کالا چلے آدھی رات کالا لائے تو میرا بیر پرنالے پہ راکھے چھاتی پاؤ' دھرتے آؤ' بیٹھے کو اُٹھا لاؤ' چلتے کو چلا لاؤ' سوتے کو جگا لاؤ' جلدنہ لاؤ' گے تو ماتا کا چُوسا دودھ حرام کروگے۔

توشہ: اعدد ناریل، ایک شراب کی بوتل، ۵ پھول، ۵ رنگ کی مٹھائی، سندور، کڑوے تیل کا نیا چراغ۔

طریقہ: سارے سامان کو سامنے رکھ کر عمل کا جاپ شروع کریں۔ عمل کے دوران برہمچاری کی طرح رہیں۔ عمل نوچندے منگل یا اتوار کو شروع کریں۔

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد: ۱۰۸

تسخیر ادنیِ موھنیِ

منتر: ادنی موھنی۔ .مندرانی .چند رانی .جیُو .بسکراتی .ادم ادم ادم ادم ادم ادم.

توشہ: ایک عدد گلاب کا پھول، ا ایک اُگر بتی، گوگل لوبان، ایک گلاس پینے کا پانی، تھوڑی سی مٹھائی۔

طریقہ: عمل چاند کے پہلے نوچندے دنوں میں جو چاند گرہن آئے اُس دن رات ۱۲ بجے شروع کریں۔ عمل کو ہر دفعہ بسکراتی تک پڑھنے کے بعد ہر دانے پر ادم ادم ادم کی تکرار کریں۔ روزانہ پرانا پھول سنبھال کر رکھیں اور روزانہ عمل کے لئے نئے پھول رکھیں۔

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد

تسخیر برائے مسانی دیوی

منتر: واہ لسوڑی کرمادی پوری پتر جس کے کاکے بارہ وارے دی کنیا جیڑے بیٹھ کے زما کاتے کاتی کوت کے بانہاں ہلاوے تن کہردی سے گھر آئی گھر والا کہاں پہ سانست

اور حنذ بھی کم ہے تیرا کام ایک باری میرا کام سندھبد ھواری گڑ آتے آتے آتے گڑمنی مسانی کاتے گڑ آگے آگے گڑمنی مسانی جاگے جنتو مارا لنگر کارکھڑی ڈیکے میری راہ دہائی مسانی تیرے کو رام چندر کی میری بھیجی نہ جائے تو تیرے کو رام چندر کی دہائی۔

طریقہ: سارے توشے کو سامنے رکھ کر چڑھتے چاند میں پیر یا منگل سے شروع کریں۔

توشہ: ۵ رنگ کی مٹھائی، پھول، سندور، شراب کی بوتل، بخور اور ناریل

عمل کی مدت: ۲۱ دن تعداد: ۱۰۰۸ روزانہ

تسخیر مہا موھنی دیوی

منتر: موہنی موہنی میں پکاروں موہنی تیرا نام۔ بھری سبھا کے بیچ دیکھے میں نے تیرے کام راجہ ایندر کے اکھاڑے کی موہنی حاضر شو حاضر شو۔

توشہ: ثابت چھالیہ ۳ عدد، پان کا پتا پورا ایک عدد، سندور، سرخی، دھوپ، گوگل، لوبان' سُرخ چوڑیاں۔

طریقہ: چھالیہ پر سندور لگا کر پان پر رکھیں اور سارا توشہ سامنے رکھ کر پڑھائی کریں۔

عمل کی تعداد: ۱۰۸ عمل کی مدت: ۲۱ دن

سؤروپ: نیلی ساڑھی میں ملبوس دودھ جیسا سفید گورا رنگ بڑی بڑی آنکھیں زیور میں لدی ہوئی۔ چار کنیاؤں کے کاندھے پر سوار ہو کر آتی ہے۔ اپنے عامل کے سارے روگ مِٹا دیتی ہے۔ پیسوں کی کمی نہیں رہتی۔

کنک دیوی

سدھ کرنے کا وقت: یہ دیوی رات کے ایک بجے اکانت اور نرجن ون میں سدھ کی جاتی ہے۔

سادھن منتر:. اوم ہیں کنک کلیں یچھڑی نم. اوم ہُو کرو ٹھَ ٹھَ سواھا. اوم کلیں فَٹّو سواھا.

طریقہ: کریا اس منتر کو سوا لاکھ بتیئے پرتی جاپ کریں اس پرکار سادھن کرنی سے یہ دیوی ۳۰ دن بعد درشن دے گی۔

سؤروپ: یہ تھوی جب آتی ہے تو چاروں طرف سے ملموتر کی برسات کرتی آتی ہے۔

سدہ منتر: انگ ولبھو دیوی ماکاری پریا سیویکا نمستے
پدمنی مایا مہا مایا نمسکرتیے۔

سوروپ: جس وقت یہ آتی ہے آنے سے پہلے ایک بار جھلک دکھا کر غائب ہو جاتی ہے۔ پھر مختلف طرح کے باجے اور شہنائیاں بجنے لگتے ہیں۔ پرنتو باجے والے دکھائی نہیں دیتے۔ انہی باجوں کی تال پر بارات آتی دکھائی دیتی ہے۔ اس کو عام لوگ آسیب کی آمد کہتے ہیں۔ سب کو پدمنی اپنا روپ دکھاتی ہے۔ گورے انگ پر سر کے بال ایڑھیوں تک لٹکے ہوتے ہیں۔ بانہیں چمپے کی ڈال کی طرح چھوٹی نرم ملائم ہوتی ہیں۔ پیر قدم کندلی کے سمان سڈول اور سیدھے ہوتے ہیں۔ ہاتھوں میں کمل (کنول) کے پھول اور گلے میں ہار پڑے ہوتے ہیں۔ اس طرح کے بھیس میں عامل کو درشن دیتی ہے۔ جب یہ سدھ ہو جاتی ہے تو عامل کے پاس دولت کی کمی نہیں رہتی۔

نٹی

سادھن کا وقت: اس کے سدھ کرنے کا وقت پرات کال سوریہ اُدے سے سوریہ ستھ تک کا ہے۔

منتر: اوم نمو ھیس فٹو سواھا . اوم کلیں فٹو سواھا. اوم نٹی یجھڑی سواھا . اوم کروُ کروُ سواھا .

سنسان جنگل میں جہاں چوراہے پر سورج کی کرن پوری پڑتی ہو۔ وہاں سورج کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے اور فی گھنٹہ ۱۷۰ دفعہ جاپ کرتا رہے۔ جب تک سورج است نہ ہو جائے جب تک برابر جاپ کرتا رہے۔ سوریا است ہونے کے بعد کیول دودھ پی کر سو جائے۔

سوروپ: جس سمیں یہ آتی ہے بھینسے کی طرح ہونکار بھرتی آتی ہے۔ اور عامل کو مختلف خطرناک روپ دکھا کر ڈراتی ہے۔ پھر بھی عامل اگر ڈٹا رہے تو ۴۳ دن میں سدھ ہو جاتی ہے۔ سندر گورے رنگ کی عورت سر پر سرخ رنگ کی چندری اوڑھے گلے میں مُنڈیوں کی مالا دھارن کیئے ہوتی ہے۔ تو پلو اپنے بدن پر لپیٹے عامل کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے۔ اس کے آنے کے بعد عامل ہر کام اپنی مرضی کے مطابق کر سکتا ہے۔

انوراگنی

سادھن کا وقت: شام کے ۵ بجے نرجن ون میں جہاں کی بھومی کچی ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل شروع کریں۔ یہ دیوی سدھ ۲۷ دن میں ہو جاتی ہے اور اپنے درشن ۲۷ دن پر دیتی ہے۔

سدہ منتر: اوم نم انُو راگنی دیوبیئے نم . ھنی ھنی پچی پچی پچی فٹو سواھا .

اونٹ کے بالوں کی مالا بنا کر ۳۰ ہزار جاپ نتیئے پرتی کریں۔

۲۷ دن کے بعد خواب میں درشن دے گی۔ اینڈر کی اپسرا کے آنے سے پہلے لال رنگ کا فرش دکھائی دیتا ہے۔ بیلوں کے ریوڑ کے ریوڑ آتے ہوئے دِکھتے ہیں۔ جس پر انیک روپ دھارن کئے ہوئے ننگی کھوپڑی والے بھوت دکھائی دیتے ہیں۔ ان سب کے پیچھے انوراگنی دیوی کی سواری آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ یہ اونٹ پر بیٹھی ہوئی پیچھے کی طرف منہ کری ہوتی ہے لال رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے منہ میں پان کھائے ناک میں نتھ چھلکائے ہوئی لمبی بھوجائیں۔ ہاتھوں کے ناخن ایک ایک بالش لبے اور چار انچ چوڑے پیر چھوٹے چھوٹے بغیر پنجوں والی ایک ہاتھ میں ترپان اور دوسرے ہاتھ میں مڑٹھ بان لیئے ہوتی ہے۔ آتے ہی عامل پر چڑھی چلی آتی ہے۔ اگر عامل خوف زدہ ہو گیا تو پاگل بنا دیتی ہے ورنہ من چاہے کام کرتی ہے۔

وشالاہ

سادھن کا سمیں: رات کے تیسرے پہر میں سدھ ہوتی ہے۔ رات کے تیسرے پہر میں کالے دھتورے کے نیچے چھایہ میں گدھے کی کھال کا آسن بنا کر بیٹھیں اور آہوتی دینے کے پہلے اشٹ دھاتوں کا ہون کریں اور اس کی مدیہ میں آدیتیے دیو کی مورتی استھاپت کر کے اس پر تیل ملیں۔ پھر نیچے لکھے گئے منتروں کا ۱۰۸ جاپ کریں۔

سدہ منتر: اوم اننت ولبھو دیتی . وشالسی نمت سنو ین پریا مھا وشہم . کرُو فٹو فٹو سواھا.

آشاڑھ بدی سولہ آدیتیئے وار کے دن وشاشانکشتر میں رات کے ۳ بجے شمشان بھومی پر

جائے اور اوپر لکھے گئے منتر کا جاپ کرے۔ ہر منتر کے آخری جملے پر تیل اور چاولوں کی آہوتی دیں اتم آہوتی شراب اور گوشت کی دے کر سیدھا چلا آئے اور پیچھے نہ دیکھے۔

سوؔروپ: اس کے آنے سے پہلے مختلف قسم کے جانور شور کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ پھر وہ غائب ہو جاتے ہیں صرف جنوب کی سمت میں کچھ لوگوں کی بات کرنے کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ عامل کو اس وقت اپنا دھیان نہیں ہٹانا چاہئے اگر اس وقت اس کا دھیان اس طرف سے ہٹ گیا یا وہ ڈر گیا تو وہ گھر آتے ہی بیمار ہو جائے گا اور جلد ہی مر جائے گا۔ اس لئے عامل کو چاہئے کے دل کو مضبوط رکھے۔ پھر اس کی سادھنا کرے۔ اس کی لمبائی پیپل کے پورے پیڑ کے جتنی ہوتی ہے۔ پیروں کو زمین پر بڑے زوروں سے مارتی ہے۔ مختلف قسم کے بہروپ دھارتی ہے۔ سر کے بال آگے کیطرف لٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔ لمبائی کی وجہ سے اس کی عمر کا اندازہ نہیں ہوتا۔ جتنی یہ لمبی ہوتی ہے۔ اسی کے مطابق اس کے ہاتھ اور ناخن اس کی طرح لمبے اور ناخن ۴ انچ چوڑے ہوتے ہیں۔ سر اس کا بڑا اور دانت آگے کیطرف نکلے ہوتے ہیں۔ اگر عامل اس کو خوش رکھے تو اس کو مالا مال کر دیتی ہے۔ ناخوش ہونے پہ برباد کر دیتی ہے۔

اکشے پترا سادھنا

عملیات کے شائقین کو کسی بھی کتاب میں اس سادھنا کے جیسی سادھنا نہیں مل سکتی یہ بہت ہی خاص سادھنا ہے۔ جو کسی کسی سادھو یا رشی کو معلوم ہو گی۔ اگر عامل اس سادھنا کو بتائے گئے طریقے سے پابند رہ کر پورا کرلے تو سنسار میں اس کو کسی بھی چیز کو پانے میں مشکل نہیں ہو گی۔ جو چاہے گا بیٹھے بیٹھے مل جائے گا۔ اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اس سادھنا کو اپنی کتاب کی نظر کر رہا ہوں کے جو بھی اس سادھنا میں کامیاب ہو مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھے۔

پانچ پانڈؤں میں سے بڑے پانڈو یدھیشٹر بڑا اصاف دماغ والا اور اصولی پسند آدمی تھا۔ وہ کسی بھی مسئلے کو آسانی سے حل کر لیتا تھا اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کرتا تھا۔ بس اپنے کچھ کرموں کے بنا پر اس نے اپنا سب کچھ کھو دیا۔ اپنی حکومت، اپنی دولت، اپنی عزت، اور صحت بھی ایک جوئے میں ہار گیا۔ وہ ہر وقت اپنی بیوی کے ساتھ ساتھ رہتا اور اس کو بہت

صدمے پہنچاتا۔ اسی بات کے نتیجے میں وہ ۱۲ سال تک دکھ جھیلتا رہا اور ہر قدم پر اسے پریشانیوں کا سامنا رہا اور اس کے ساتھ اس کے بھائیوں ارجن، بھیم، ناکل، سہدیو، اور اس کی بیوی دروپدی نے بھی اس کے ساتھ ساتھ دکھ جھیلے۔ یہ یدھیشٹر کی عادت میں شامل تھا کہ وہ جب تک کھانا نہیں کھاتا تھا جب تک کہ وہ پہلے کسی برہمن کو کھانا نہ کھلاوے۔ اس عادت کی وجہ سے برہمن اس کو زیادہ جانتے تھے۔ اور جب وہ اپنی پریشانیوں کی وجہ سے سفر میں تھا تو برہموں کی لمبی لمبی قطاریں یہ سوچ کے اس کے پیچھے آتے تھے کی اس بادشاہ سے کھانا بہت اور اچھا ملے گا۔ لیکن ایسا نہیں ہوا اور اس نے سادھوں اور رشیوں سے گزارش کری اور کہا کے میں سفر میں ہوں اور اتنا کرنا میرے بس میں نہیں ہے کہ میں اتنے سارے برہموں کو کھانا کھلاؤں۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ آپ اپنے اپنے استھانوں پر واپس لوٹ جائیں۔ اس پر کچھ برہموں نے کہا کے ہم نے تمہارے ساتھ اچھے وقت بھی دیکھے ہیں تو ہم برے وقت میں تمہارا ساتھ کیسے چھوڑ سکتے ہیں۔ تم کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمارے پاس تمہاری ساری پریشانیوں کا حل ہے اور ہم نے ایک سادھنا تمہارے لئے چنی ہے جو تمہارے سارے مسئلے حل کر دے گی۔ اس کے بعد کچھ بڑے سادھوؤں میں سے ایک سادھو جس کا نام دھومیہ تھا اس نے اکشے پترا سادھنا کے بارے میں بتایا اور کہا تم یہ سادھنا پوری کر لو تو تمہارے سارے کشٹ دور ہو جائیں گے اور اس کے بعد تم کو کبھی بھی کسی مشکل کا سامنا نہیں ہو گا چاہے کھانے کی ہو یا پینے کی یا پہننے کی پوری زندگی بھر یہ تمھیں کوئی بھی تکلیف نہیں ہونے دے گا۔ اس کے بعد اس نے یہ سادھنا اپنے پانچ پانڈؤں کو بھی بتائی۔ یہ ایک بہت ہی اچھی اور چھپی ہوئی سادھنا ہے جو میں آپ کے سامنے لایا ہوں۔ جب یودھیشٹر نے یہ سادھنا شروع کی تو رشی دھومیہ نے کچھ خاص وقت میں ایک اکشے پترا بنایا۔ وہ پترا تانبے کا بنا ہوا تھا اور پیالے کی شکل کا تھا۔ وہ پیالا بہت ہی خاص ساعت میں تیار کیا جاتا ہے۔ جب سورج اپنی شرف حاصل کرتا ہے۔ یہ پترا بہت ہی طاقتور منتروں کو پڑھتے ہوئے بنایا جاتا ہے۔ منتروں کو ۱۸ دفعہ جاپ کیا جاتا ہے۔ یہی ۱۸ منتر اس سادھنا کے پہلے کامیاب کرنے والے اور بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس طرح یہ اکشے پترا بنانے کے بعد اس پیالے کو کچھ دوسرے خاص منتروں سے جگایا جاتا ہے۔ ان منتروں کو سوریا اپنیشد منتر کہتے ہیں اور پھر بعد

میں اکشے پترا منتر پڑھے جاتے ہیں۔ یہ ایک سچی اور آزمائی ہوئی سادھنا ہے۔ جو بہت فائدے اور شکتیوں کی مالک ہے۔ ان ہی سب طریقوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اور منتروں کی مدد لیتے ہوئے رشی دھومیہ نے اس اکشے پترا پیالے کو تیار کیا اور وہ پیالا یودھیشٹر کو تحفے میں دیا تاکہ وہ اپنی سادھنا شروع کر سکے۔ اور جب یودھیشٹر نے سادھنا ختم کی تو سورج نے اس کے سامنے آکر کہا۔

تے بھِلاشِتم کِچیتوم سروم واپسیاسی . احممنم پراداسیامی سد پنو چاتے ساماھا.

اودھرم راج تم آشا کرو جو تمہیں چاہئے۔ اکشے پترا جس کی تم نے سادھنا کی ہے یہ تم کو کھانا پینا بارہ سال تک مہیا کرے گا۔ تم اس سے کھانا پینا، کپڑا اور ہیرے جواہرات مانگ سکتے ہو۔

یہ اکشے پترا بہت سالوں تک یودھیشٹر کے کام آتا رہا اور سب سے حیرتناک بات یہ تھی کہ جب ایک دفعہ اس کے اندر کوئی بھی کھانے یا پینے کی چیز منگالی جائے تو وہ ختم نہیں ہوتی تھی۔ اور اس ہی سادھنا کے ذریعے سے یودھیشٹر نے ہزاروں برہمنوں کو روزانہ کھانا کھلایا کرتا تھا اور ہمیشہ کی طرح آخر میں خود کھانا کھایا کرتا تھا۔ اس اکشے پترا کے ذریعے سے یودھیشٹر نے نہ صرف کھانا بلکہ کپڑے اور اپنی ضرورت کے لئے روپیہ اور پیسہ بھی حاصل کیا۔ اور اس ہی اکشے پترا کے ذریعے سے پانڈوں نے بارہ سال جنگل میں گزارے اور آخر میں انہوں نے ایک (یدھ) جنگ لڑی اور کنوروں کو مات دے کر اپنی سلطنت میں واپس آگئے۔

اس کے بعد ایک اور مہابھارت کے دوران دھومیہ نے ایک اور آدمی کو یہ سادھنا دان کری اور اس آدمی نے اپنی زندگی کے باقی سال ہنسی خوشی اور بغیر کسی دکھ کے گزارے۔ اگر کوئی سادھک بغیر کسی لالچ کے یہ سادھنا من اور دھیان لگا کر پوری کرلے تو وہ کبھی بھی کسی چیز کے لئے پریشان نہیں ہوگا اور وہ اس کے ذریعے سے روٹی، کپڑا، ہیرے موتی اور بہت سی دنیاوی چیزوں کو حاصل کر سکتا ہے۔ اور اپنی باقی کی زندگی کو بڑے سکون اور آرام کے ساتھ گزار سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ سادھنا اور بہت سے انیک فائدے دیتی ہے۔

سادھنا کا طریقہ: یہ سادھنا کسی بھی اتوار سے شروع کر سکتے ہیں۔ کسی بھی اتوار کی صبح کے وقت جاگ جائیں۔ اور نہا دھو کر نئے صاف ستھرے سفید کپڑے پہن کر اور سفید آسن پر

بیٹھ کر منہ مشرق کی طرف کریں۔ اور ایک لکڑی کی ٹیبل پر لال کپڑا ڈھانپ کر اس پر اکشے پترا رکھیں۔ سب سے پہلے اکشے پترا کو تازے دودھ سے دھوئیں اور پھر پانی سے دھوئیں۔ پھر اس کو خشک کریں اور اس پر سات لکیریں صنوبر کی لگائیں۔

اس کے بعد اکشے پترا کو چاولوں سے بھر دیں۔ پھر اس کے بعد سوریا منتر ۱۱ دفعہ پڑھیں اور اس کے بعد سادھنا کریں یہ سادھنا کم از کم آدھا گھنٹہ کریں۔ اگر کسی دن آپ عمل سے غیر حاضر ہوں تو اپنی جگہ اپنے کسی بھی بھروسے والے کو بٹھا دیں تاکہ ناغہ نہ ہو۔ اس سادھنا کو لگاتار گیارہ دن تک کریں۔ اپنی عمل کی جگہ پر صرف گھی کا چراغ جلائیں۔

اکشے پترا منتر: سوریوریامہ بھگستوشتہ پُشارکاہ ساویتاہ رویھ. گربھستیماناجہ کالو مرتیو داتاپربھاکارھہ. پرتھویہ پشچھہ تیجاشچہ خم وایو شچہ پرایانم .سومو بھرسپتی شکرو بدھو گانرک ایو چہ. اندرو وِواسوان دیپ تان شوشچی شاؤری شانِ اشچارہ. برھما وشنوشچا ردراشچھہ سکنڈو وائی ورونو یم .ودیوتو جٹھاراشچہ گنیرائندہ نستِجسام پتیھہ. دھرمدہ واجو ویداکارتاویدانگوُ دِواھاناہ. کریتم تریتا دواپرِٹچا کالی سرئومالاشرایاہ. کالا کاشٹھا مھورتارشچہ شاپا یمستتھاشانہ. سنوت سروُکارو شواٹھا کال چکرو وَبھاواشو. پروشاہ شاشواتو یوگی ویاکتا ویاکت سناتاناہ. کالا دھیاکشہ پراجہ دھیاکشو وشواکرما تامون یدھا. وروناساگرو شاشچہ جیِموتو جیوانو دیحہ. بھوت آشادیو بھوتپتی سروُوالو کانمسکرِتاہ سراشتا سنورتاکووانِھ. سرَوُ سیاد رِلولیوپاہ. اننتھ کپیلو بھانو کاداماہ سرَو تو مُکاہ. جیُو وِشالو وراداہ سرَو دھاتو نشچِتہ .مانہ سپارنو بھوت آدھی شیگراگاہ پران دھاراکاہ. دھنوانتری ، دھوم کیتُر، آدی دیو دائت ستاہ. دواداش ، آتم ، آروندا کشہ پِتا ، پِتامہ ، پِتاماھا . سوار گڑوارم ، پراجڑوارم ، موکشڑوارم ، تِروشتِپم. دھکارتا پرشانتا آتما وشواتما وشواتومکاھا چرآچر آتما سوکشنا آتما منتریاہ کروناہ انوِتاہ. اِتادوائی کیرتانا نِیاسیا ، سوریہ سیامت ، تیجاشہ ، نمشتاشکام

چیدم پرو کت میتات سوائم بھوا. سُر گانا، پتری، یکش، سیویتم ھناسر
، نشاچر سدھواندِتم. ور کناک ھتا آشن پربھم پرانی پتی توسمی رِشی
بھسکرم. سوربووائے یاہ سُساماھتا پٹھیٹ. سا پترادارن دھنراتنا سنچائن
. لبھیٹجاتِما راتام نارہ سارگھرِتم چاھمیگھوچاہ سا ونِدتے پومان. امام
ستوام دیو وراسایا یو نارہ پراکیرتے اِیچوُ. چسوُماناہ سما آھتا وِمو چائت
شاک، دیو اگنی ساگرہ لبھے چج کا مان مناسا یتی پِسی تان.

میں نے ایسے بہت سے لوگ دیکھے ہیں جنھوں نے اس سادھنا سے فیض اٹھایا اور ایک شخص نے اس کو پانچ موقعوں پر استعمال کیا جس میں سے وہ اس سادھنا میں چار دفعہ کامیاب ہوا۔ اور آج اس کے پاس کسی بھی چیز کی کمی نہیں ، نہ کوئی دکھ ہے، نہ کبھی کسی طرح کی مالی مشکلات ہیں اور نہ ہی اس کی زندگی میں کسی بھی قسم کی پریشانی ہے۔

میں نے اس سادھنا میں ایک تجربہ کیا ہے کہ اکشے پترا نہ صرف کھانا فراہم کرتا ہے بلکہ کپڑے اور سونے کے زیورات بھی دیتا ہے۔ اور اگر کوئی بھی کسی قسم کی پریشانی اس کو جگا کر بتائی جائے تو اس کو بھی بہت جلدی حل کر دیتا ہے۔ جبکہ اس کے ذریعے سے بہت سی بیماریوں کا علاج بھی کر سکتے ہیں۔

ایک دفعہ ایک سادھک جو کے اکشے پترا کی سادھنا میں کامیاب ہو چکا تھا اس کا بیٹا بہت بیمار ہوا اور اس کو ہسپتال میں داخل کرا دیا بہت ہی نازک حالت میں اس کو ہسپتال لایا گیا۔ ڈاکٹروں نے کہہ دیا کہ اس کے صحیح ہونے کی کوئی امید نہیں۔ لیکن اس شخص کو اس سادھنا سے بڑی امید تھی۔ اس نے اپنے بیٹے کے سامنے بیٹھ کر یہ سادھنا پانچ دفعہ پڑھی اور کچھ ہی وقت کے اندر اس کے بیٹے کی حالت بہتر ہونا شروع ہو گئی اور 24 گھنٹوں کے بعد وہ بالکل اچھا ہو گیا۔

اور اس ہی سادھنا کے ذریعے میں نے اپنی ماں کے گلے کی بیماری تھائی راڈ کا بھی علاج کیا۔ میں روزانہ ایک گلاس پانی لے کر اس پہ پانچ دفعہ یہ سادھنا کرتا اور اس کے بعد وہ پانی اپنی ماں کو پلا دیتا۔ ایک مہینے کے اندر اندر ہی میری ماں نے اس بیماری سے چھٹکارا حاصل کر لیا اور پوری طرح سے صحت یاب ہو گئی۔ اس معجزے سے ڈاکٹر بھی چونک گئے تھے۔

اس سادھنا کے حیران کن نتائج

(1) اگر کسی بھی قسم کے علم کا وار، آپ پر چلایا گیا ہو یا آپ کے کاروبار پر یا پھر آپ اپنے آپ کو بہت ہی کمزور محسوس کرنے لگیں تو آپ اکشے پترا کو پانی سے بھریں اور منتر کو 45 دفعہ جپیں اور وہ پانی اپنے اوپر چھڑکیں۔ بہت ہی جلدی آپ کو نتائج نظر آنے لگیں گے کہ آپ بہتر ہو گئے ہیں اور ہمیشہ کے لئے بہتر ہو جائیں گے۔

(2) اگر کوئی بھی آپ کے لئے مشکلیں پیدا کر رہا ہو بغیر کسی وجہ کے، یا آپ کے ساتھ کوئی بھی مشکل کسی بھی قسم کی ہو تو آپ اس سادھنا سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لئے آپ اپنے سامنے اکشے پترا رکھیں اور اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی میں پانی لے کر اکشے پترا سے کہیں کے میرے ساتھ یہ مسئلہ ہے یا یہ شخص مجھے بے وجہ تنگ کر رہا ہے۔ اس کے بعد پانی اپنے سامنے زمین پر گرا دیں اس کے بعد اکشے پترا کو چاول کے دانوں سے بھر دیں اور سادھنا منتر پڑھتے جائیں اسی طرح سے ۵۱ دفعہ جاپ کریں اس کے بعد ان جاپ کئے ہوئے چاولوں کو ابالیں اور شمال کی جانب پھینک دیں۔ اسطرح آپ کی پریشانی خود بخود ختم ہو جائے گی یا وہ بندہ اپنا منہ بند کر لے گا۔

اس سادھنا کے ذریعے آپ اور بھی بہت سے کام لے سکتے ہیں جس کے بارے میں آپ خود جاپ کر کے ہی جان سکتے ہیں کے یہ سادھنا کتنی اہم ہے اور کیا کیا کام کر سکتی ہے۔

گنیش کی سدّھی

گنیش کا مطلب سب دیوی دیوتاؤں کا دیوتا اور سب سے طاقت والا ہوتا ہے۔ انسان کے اندر پانچ حستیں ہوتی ہیں جو کے ظاہر ہوتی ہیں اور پانچ حستیں ایسی ہوتی ہیں جو نظر نہیں آتیں اور چار حستیں شعور کی ہوتی ہیں۔ اور ان سب حسّوں کو جگانے کا دیوتا گنیش ہی ہے۔

شری گنیش جی بہت ہی محبت والے اور خوبصورت دیوتا ہیں۔ ان کا ایک ہاتھی دانت اور چار ہاتھ ہیں۔ ان کے ایک ہاتھ میں ایک سارنگی جیسی شکل کی کنند ہوتی ہے۔ ایک ہاتھ خالی ہوتا ہے۔ ایک ہاتھ میں یدھ کا اعلان کرنے والی سمندری سیپ ہوتی ہے۔ اور ایک ہاتھ آشیرواد دینے کی شکل میں اٹھا رہتا ہے۔ گنیش جی کا جسم اور چہرے کی رنگت لال ہوتی ہے۔

بڑا سا پیٹ ہوتا ہے۔ کان ہاتھی کی طرح لمبے اور لال رنگ کا لنگوٹ پہنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور اپنے پورے جسم پر صندل کی لکڑی کا برادہ ملا ہوا ہوتا ہے جس کی وجہ سے جب ان کی حاضری ہوتی ہے تو ہر طرف صندل کی خوشبو پھیل جاتی ہے۔ گنیش کی سادھنا لال پھولوں سے کی جاتی ہے۔ یہ اپنے چاہنے والوں اور عامل کی ہر چیز سے حفاظت کرتا ہے۔ اور اپنے عامل اور چاہنے والوں کی اِچھا انوسار ترلوک کی ہر چیز اور ہر دیوی دیوتا کو حاضر کر سکتا ہے۔ گنیش دیوتا اپنے عامل کے لئے خواہش پوری کرنے والے درخت کے سمان ہوتا ہے۔

اس کا عامل جو اس کی سادھنا پوری کر لے تو وہ ہمیشہ صحت مند، خوش و خرم رہتا ہے اور سنسار میں سب سے طاقتور اور گیان دھیان والا کہلاتا ہے اور اس کی زندگی میں خوشیوں کے حیرتناک واقعات رونما ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔

اس دیوتا کے بارہ نام بہت مشہور ہیں۔ اگر اس کے بارہ ناموں میں سے کسی ایک نام کا بھی جاپ کیا جائے تو گنیش دیوتا کی حاضری یقینی ہے۔ انہی ناموں کے ذریعے سے عامل کو لکھنے پڑھنے، شادی، گھر بار، سفری اور دیگر معاملات میں کبھی بھی کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ اس کے اور نام بھی ہیں مگر جو بارہ بڑے نام سدھیوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں وہ یہ ہیں۔

سومُکھ، ایکادنت، کپیل، لمبودر، گجکرن ناک، وِکٹ، وِگھناناشک، ونائک، دھومار کیتُو، گناده یکش، بھل چندرا اور گجانن۔

ان میں سے آپ کسی بھی نام کا جاپ کر سکتے ہیں۔ اگر عامل آپ ان ناموں میں سے کسی بھی ایک نام کے جاپ میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ تو گنیش کی حاضری ہو جائے گی اور ہر کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ اگر عامل پورے دھیان کے ساتھ اور صاف نیت سے اس کے جاپ کو پورا کرے تو وہ خود بھی اندازہ نہیں لگا سکتا کہ اس نے کتنا بڑا خزانہ حاصل کر لیا ہے۔ لڈّو گنیش دیوتا کی پسندیدہ غذا ہے۔ اس کے انداز سب سے جدا ہیں۔ اس کی سادھنا سے عامل کا دماغ بہت شاطر ہو جاتا ہے اور بہت ہوشیار ہو جاتا ہے۔ اور اس کی زندگی سے ہر طرح کے غم، غربت اور پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں اور وہ ہر مسئلے کو منٹوں میں حل کر لیتا ہے۔

اس سادھنا کے ذریعے سے عامل اپنی ہر خواہشوں کو منٹوں میں پورا کر لیتا ہے۔ اگر کسی کو اسکے کام دھندے میں پریشانی ہو تو، یا کسی کو بہت ہی غربت کا سامنا ہو تو، یا کسی پڑھنے

لکھنے والے طالبعلم کو اپنے امتحان میں پاس آنیکی پریشانی ہو تو گنیش دیوتا کے نام (وگھناہارانتہ) کا جاپ اس طرح کی ساری مشکلیں حل کر سکتا ہے۔

اس کی سادھنا بہت ہی سادی اور آسان ہے۔ کوئی بھی عورت یا آدمی اس کو کر سکتا ہے۔ اس کی سادھنا میں کسی بھی قسم کی کوئی مشکل نہیں ہے بس صرف صاف نیت اور پورے دھیان کی ضرورت ہے۔

سدّھی کا طریقہ:

اس کی سادھنا میں سب سے پہلے مرجانی رنگ یا مونگے کے گیسے پھول جو سمندر پہ پائے جاتے ہیں ان کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ سادھنا گنیش چھوتھی یا کسی بھی بدھ کے دن سے شروع کی جاتی ہے۔ صبح ہی اٹھ کر تازہ غسل کرو اور گنیش کی مورتی سامنے رکھ کر سادھنا کرنی چاہئے۔ اس سادھنا کا وقت صبح ۶ بجے سے لے کر ۸ بجے کا ہونا چاہئے۔ منہ شمال کی طرف کر کے بیٹھنا چاہئے۔ پہلے پڑھائی کی جگہ صاف کریں پھر پڑھائی کریں۔ سادھنا کے لئے ضروری ہے کے پیلے کپڑے پہنیں اور پیلے آسن پر بیٹھیں۔ اپنے سامنے ایک پیتل کی پلیٹ رکھیں اور اس میں ہلدی کا کریم بنا کر پلیٹ میں لیپ کریں پھر اس پر گنیش کی مورتی رکھیں۔ پھر اس پر شنگرف، ابلے ہوئے چاول اور پیلے پھول ڈالیں۔

اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی میں پانی لے کر اپنے خواہش کا دھیان کریں۔ پھر پانی کو اس کے سامنے زمین پہ گرا دیں پھر دونوں ہاتھوں سے گنیش کو نمسکار کرتے ہوئے اس منتر کا جاپ کریں۔

گنیش کا منتر

وِیننا انَام پتا اماریم چا وردم ودھاتے کرر، و آمر، تا امرسم چا رتنھکلشم سنمنجری چابھیام، شنداآدنند لسان مریجندر او اناہ شنکھنگائو راہ شوبھوہ دیویا، درتنا نبھانشُکو گنپتی پیادپائت سا ناہ۔

اس کے بعد ایک نشان شری پھل یعنی ناریل پہ شنگرف کا لگائیں۔ پھر اس کو مورتی کے سامنے بھینٹ کریں۔ اس کے بعد مونگے کے پھولوں سے تین دفعہ آرتی اتاریں۔ اور آرتی

اتارتے وقت یہ منتر دھرائیں تین دفعہ۔

اوم گم گنپتئے گم نمہ

سادھنا کے بعد سارا سامان اور مورتی کو محفوظ جگہ پر رکھیں۔اس کے بعد پھولوں اور ناریل کو دریا میں ڈال دیں۔اس طرح عامل کی ایک دن کی سادھنا پوری ہوگی اسی طرح پورے ۴۰ دن تک کریں۔

تارا دیوی

دولت دنیاوی لحاظ سے بہت ہی خاص چیز ہے۔جو کبھی بھی ایک جیب یا ایک گھر میں ہمیشہ نہیں رہتی۔اس کا آنا جانا ہر ایک کی زندگی میں لگا رہتا ہے۔کوئی بھی بندہ اس کو اپنے صرف اپنے لئے محدود نہیں کرسکتا اور نہ ہی یہ کسی کے لئے ممکن ہے۔مگر ایک دیوی ایسی ہے جو اپنے عامل کو بہت دولت دیتی ہے مگر سونے کی شکل میں اور اس کو امیر ترین آدمی بنا دیتی ہے۔اس کے لئے کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔اس کو تارا دیوی کہتے ہیں اور تارا دیوی کی سادھنا کا مطلب ہے کے غربت عامل کی زندگی سے ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتی ہے۔میں خود ایک ایسی بات جانتا ہوں کہ سوامیوں کے سوامی گرو نکلیشور آنند جی نے ڈاکٹر شری نارائن دت شرمالی جی کے اوتار میں یا ان کے روپ کے زریعے سے اس سادھنا کو اپنے چاہنے اور ماننے والوں تک پہنچایا اور ان کو دولت مند بنا دیا۔اور یہ سب اسی سادھنا کے ذریعے سے ہوا۔اس سادھنا کو گرو جی نے اپنے سیوکوں اور چاہنے والوں کو تحفے کے طور پر دان کیا ہے۔اور گرو کی ہی اجازت سے میں آپ لوگوں تک اس سادھنا کا پرچار کر رہا ہوں۔مجھے امید ہے کے آپ لوگ ضرور اس سادھنا سے فیض اٹھائیں گے۔

سادھنا کا طریقہ

کسی بھی بدھ کے دن سے اس سادھنا کو شروع کر سکتے ہیں۔رات کو نہا دھو کر گلابی لنگوٹ پہنیں۔ایک لکڑی کی میلل کو گلابی کپڑے سے ڈھانپ کر اس پر شری ینترا رکھیں۔اور

چار مٹھی چاول ینترا کے ارد گرد لہسن کی پوتھی کی شکل میں ڈالیں۔صرف گھی کا چراغ روشن کریں۔اور سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی میں پانی لے کر پڑھائی کریں۔

منتر: اوم اپوتراہ پوترو وا سروا وستھام گتوپی وا یاہ سمرٹ پنداریکاکشان سا باہیابھیان تارا شُچی۔

اس کے بعد پانی کو اپنے اوپر چھڑکیں۔اس کے بعد دونوں ہاتھ جوڑ کر پورے دھیان کے ساتھ تارا دیوی کو پرنام کریں پھر اس منتر کا جاپ کریں۔

منتر: پرات یا لیڑ پڑا آرپتام گھرِشوارد گھوراالتہاسہ پاراہ، کھڑادا گندیور کارتری خرپربھوجاھنکاربیجو دبھوا، خروانیل وشال پنِگال جٹا جوٹائیکانا گائی ریوتا، جاڑایم نیاسیہ کپالیکے تری جگتام ہانتیوں گرو تارا سوائم۔

بعد سِدھ منتر کا جاپ کریں۔اس کے بعد اپنے سیدھے ہاتھ میں پھر پانی لے کر بعد سدھ منتر کا جاپ کریں۔سدھ منتر مندرجہ ذیل ہے۔

سدھ منتر: آسیا شری تارا منتراسیہ اشوبھیہ رِشی برھاتی چھانڈہ .تمارہ دیوااتا،ہریم بیجام ہوم شکتی استریم کیلا کام مامابھیشٹ سدھنے جپے ونیوگ.

اس کے بعد پانی کو زمین پہ گرا کر تارہ مالا پر نیچے دیئے ہوئے منتر جپیں۔

منتر: اوم ہریم شریم کلیم سوہ ہوم اُگرہ تارے پھٹ.

دوسرے دن سے باقی پڑھائی دریا یا بہتے پانی پہ کریں اور ۲۱ دن تک اسی طرح جاپ کرتے رہیں۔پورے دھیان اور من کو پاک صاف کر کے پڑھائی کریں۔

کنیری (کنیر کی دیوی)

ایک سچا سادھک زندگی کی ہر مشکل اور ہر لڑائی کو لڑ سکتا ہے اور ہر عمل میں کامیاب ہو سکتا ہے۔وہ سادھنائیں صرف زندگی کا مزہ لوٹنے یا پھر عیش وعشرت سے زندگی گزارنے کے لئے نہیں کرتا بلکہ اس سے دوسروں کو بھی فیض پہنچاتا ہے۔اس کے اندر دنیا کے تمام چھتیں رقص کرتی ہیں مگر وہ ان کا استعمال اگر غلط طریقے سے اور ناجائز کرے گا تو خود ان مشکلات کا

شکار ہو جائے گا جن کے بارے میں وہ سوچ بھی نہیں سکتا۔ کسی بھی قسم کی سادھنا کھول دیتی ہے اپنے عامل کے لئے وہ آسان راستے اور آسانیاں اور ایسے مواقع جس کے بارے میں ایک سادھک ہی جان سکتا ہے۔ بہر حال یہ تو چند کارآمد باتیں ہیں جن پر عمل کر کے آپ بھی اُن عاملوں میں شامل ہو سکتے ہو جن کا آپ صرف نام سنتے ہی کہتے ہونگے کہ یہ بہت بڑا عامل ہے یا اس سے بڑا چمتکاری کوئی نہیں۔ مگر سب سے بڑا چمتکار تو اوپر والے کا ہے جس نے سنسار بنایا۔ اب جو سادھنا میں آپ کو بتانے جا رہا ہوں اس کے بارے میں آپ نے شائد ہی کبھی سنا ہو یا کسی کتاب میں پڑھا ہو۔ اس سادھنا سے عامل ہر وہ دنیاوی چیز حاصل کر سکتا ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے۔ یہ سادھنا نہیں ایک عظیم تحفہ ہے جسے گرو نکلیشور آنند جی نے اپنے اوتر شری نارائن دت جی کے روپ میں دان کیا ہے۔ یہ سادھنا سندری سادھناؤں میں سے ایک سادھنا ہے۔ جسے عام زبان میں اپسرا کی سادھنا بھی کہتے ہیں۔ اپسرا، یکشنی، یا پھر کنیری سادھنا ان عاملوں کے لئے ہے جو صحیح طریقے سے سادھنا کرنا جانتے ہیں اور اس کے ذریعے وہ سادھک ہر طرح کے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

ایک شخص نے ریس اور جوئے کے اندر سب کچھ ہار دیا اور بہت پریشان ہو گیا۔ پھر اس کو کسی سادھو کے ذریعے سے کنیری سادھنا کے بارے میں معلوم ہوا۔ وہ بہت خوش ہوا اور اس نے فیصلہ کیا کہ وہ یہ سادھنا ضرور کرے گا۔ اس نے سادھنا شروع کی مگر شروع ہی میں ناکام ہو گیا مگر اس نے ہمت نہیں ہاری اور پختہ عقیدے سے اس سادھنا پر ڈٹا رہا اور پھر اس نے یہ سادھنا دوبارہ شروع کی۔ اس کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ اس نے اپنے استاد سے اجازت نہیں لی تھی اور ناکامی کا منہ دیکھا۔ مگر بعد میں اس نے اپنے گرو سے اجازت لی اور پھر سادھنا کرنے بیٹھ گیا اور اس طرح وہ دوسری کوشش میں اس سادھنا میں مکمل ہوا۔ اس کے بعد اس کا تبادلہ دوسرے شہر ناگپور میں ہو گیا۔

پھر وہ اپنے آپ کو اس شہر میں اور نئے دفتر میں طور طریقے اور کام سمجھنے میں پوری طرح سے اپنی سادھنا کو بھول گیا۔

اس کے ناگپور بدلی ہوتے ہی اس کے دفتر میں ایک لڑکی جو کہ شمالی انڈین لڑکی تھی اور جس کی عمر تقریباً ۲۷ یا ۲۸ سال کے قریب ہوگی نوکری پر رکھی گئی۔ وہ بہت ہی خاص گریڈ کی نوکری پہ آئی تھی جس کی جگہ بہت دنوں سے خالی پڑی تھی۔

انو پما اپنے نام کی طرح وہ واقعی بہت خوبصورت لڑکی تھی۔ وہ کسی اور شہر کی تھی اور ناگپور میں تنہا رہتی تھی اور اس کے بارے میں کوئی بھی نہیں جانتا تھا کہ وہ کون ہے اور اس کے آگے پیچھے کون ہے۔

وہ بہت ہی بھولی بھالی نہائت ہی سیدھی سادھی لڑکی تھی۔ اس کا قد لمبا، اور بال بھی لمبے، گھنے، چمکدار اور گہرے رنگ کے تھے۔ اس کے چہرے پر ہمیشہ تازگی رہتی تھی۔ اس کی آنکھیں جھیل کی طرح گہری، بڑی اور چمکدار کشش والی تھیں۔ اس کے ہونٹ گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح گلابی تھے۔ اس کا جسم بہت ہی خوبصورت اور دادھ کی طرح گورا رنگ تھا وہ اتنی خوبصورت تھی کہ پورا دفتر اس کے گن گاتا اور ہر کوئی اس انتظار میں رہتا کہ وہ ایک دفعہ اس سے بات کر لے مگر وہ کسی کی طرف دیکھتی تک نہیں تھی۔

میرا اور اس کا کیبن ایک ساتھ تھا اس لئے میری اس سے جلد ہی دوستی ہو گئی اور ہمارے درمیان گھنٹوں تک باتیں ہوتی رہتیں۔ ہمارے شوق اور پسند تقریباً ایک ہی تھیں اس وجہ سے ہماری دوستی اور پکی ہو گئی اور کچھ ہی دنوں میں ہم گہرے دوست بن گئے۔ اس کے بعد ایک دن ہمارا پورا دفتر بمبئی میں تبدیل کر دیا گیا۔ بمبئی میں ہم دونوں نے فلیٹ کرائے پر لئے اور ان کا فاصلہ آدھے یا ایک کلومیٹر سے زیادہ نہ تھا۔ ہم ایک دوسرے کے فلیٹ میں آتے جاتے رہتے تھے۔ ہمارے دفتر والے ہم سے بہت جیلس تھے اور ہمارے پیٹھ پیچھے برائیاں کیا کرتے تھے۔ ان میں سے کچھ ایک نے مجھے اپنی جلن کی خاطر پھنسانے کے لئے میری ایک دفتری فائل جس میں بہت ہی خاص کاغذات تھے چُرالی تاکہ دفتر میں میرا ریکارڈ خراب ہو جائے مجھے اس کے بارے میں جاننے میں بہت دیر ہو گئی اور اس فائل کے بارے میں مجھ سے اس افسر نے پوچھا جو خود بھی میرے اور انو پما کی دوستی سے جلتا تھا میں پورے ہفتے اس فائل کے بارے میں سوچ سوچ کر پریشان ہوتا رہا۔ انہی دنوں ایک شام انو پما میرے گھر آئی اور چند کاغذات کے بارے میں مجھے بتانے لگی جو کہ اس کے بٹوے میں موجود تھے۔

اس نے کہا تم جن کاغذات کے لئے پریشان ہو وہ یہاں ہیں۔

میں اس کی اس بات سے بہت پریشان ہوا کہ اس بات کا ذکر تو میں نے اس سے کیا ہی نہیں تو اسے کیسے پتہ کہ میں ان کاغذات کے بارے میں پریشان ہوں۔ دوسرے دن جب میں دفتر پہنچا تو میرے افسران اس فائل کے لئے میرے منتظر تھے اور ان کے چہرے

سے غصہ ظاہر ہو رہا تھا مگر ان کو جب میں نے وہ فائل دی تو ان کے چہروں پہ نرمی آ گئی اور سارا معاملہ ٹھیک ہو گیا۔

کچھ دنوں بعد میں نے ممبئی میں اپنا ذاتی مکان خریدنے کا فیصلہ کیا اور اس کے لئے مجھے ایک بڑی رقم درکار تھی۔ ایک دن میں نے فیصلہ کیا کے میں پیسوں کے بارے میں انوپما سے بات کروں گا۔ جب میں نے انوپما سے اس بارے میں بات کری تو وہ ہنسی اور بولی تم پریشان نہ ہو میں اس کا بندوبست کر دوں گی۔ اس نے ایک ہفتے کے اندر ہی مجھے پیسے دے دیئے اور جب میں نے اس سے پیسوں کے بارے میں پوچھا تو اس نے کہا کہ میں نے اپنے کسی جاننے والے سے ادھار کئے ہیں۔ اس کے بعد بھی اس نے میری بہت دفعہ پیسوں سے مدد کری۔ جب بھی میں اس کو اس کے روپے واپس لوٹاتا' وہ مجھے منع کر دیتی۔

اس کے بعد وہ میرے ساتھ بیوی کی طرح رہنے لگی اور مجھے ہر وہ خوشی دی جو ایک بیوی ہی اپنے شوہر کو دے سکتی ہے۔ ہم ہنسی خوشی زندگی گزارتے رہے دونوں ساتھ ہی دفتر جاتے اور آتے ساتھ ہی کھاتے پیتے۔ مگر ایک دن اس نے مجھ سے کہا کہ وہ اپنے کسی ذاتی کام سے واپس جانا چاہتی ہے وہاں جہاں سے وہ آئی تھی اور اس جگہ کے بارے میں اس نے کبھی کسی کو نہیں بتایا تھا اور اس نے یہ بھی کہا کہ پھر وہ کبھی واپس آئے گی اور نہ ہی کبھی مجھ سے ملے گی۔ میں نے اسے کہا کہ مجھے اپنا پتہ بتا دے میں اس سے خود مل لوں گا مگر اس نے دوسرے دن کا کہہ کر مجھے ٹال دیا۔ دوسرے دن جب میں اس کے فلیٹ پہ پہنچا تو وہاں تالا لگا ہوا تھا۔ میں بہت پریشان اور اداس ہو گیا۔ میں نے بہت کوشش کی مگر اس کو تلاش نہ کر سکا۔

بڑی پریشانی کے عالم میں میں نے اپنے استاد سے انوپما کو تلاش کرنے کی درخواست کی۔ تو مجھے میرے گرو نے بتایا کے میں نے جو کنیری سادھنا کی تھی اس کی شکتی سے کنیری' پریا تھا جو انوپما کی شکل میں میرے ساتھ تھی اور ایک سال تک گرو کی اجازت سے میرے ساتھ رہی اور ایک سال پورا ہوتے ہی واپس چلی گئی۔ اس سادھنا کو میں آپ لوگوں تک پہنچا رہا ہوں۔

سادھنا کا طریقہ

یہ سادھنا کسی بھی الگ تھلگ جگہ پہ کسی بھی جمعہ کی رات سے شروع کی جاتی ہے۔ اس

سادھنا میں عامل کو پیلے رنگ کے کپڑے پہننے چاہئے۔ اور پیلے کپڑے پر بیٹھنا چاہئے۔ اور ہلکی ہلکی بخور کی دھونی دینی چاہئے۔ اور ایک لکڑی کی ٹیبل پر پیلا کپڑا ڈھانپ کر اس پر ایک تانبے کی پلیٹ میں ورواَرنی ینترہ رکھیں۔ اس کے بعد عامل کو چاہئے کہ اس کو زعفران یعنی کیسر سے لکھے۔ اور خوشبودار پھولوں کی پتیاں ڈالے۔ پھر ایک نیا چراغ دیسی گھی کا جلائے۔ ینترہ کے دونوں طرف سدھی پھل یعنی ناریل رکھے۔ پھر کنیر کے پھولوں کی مالا پہ نیچے دیئے گئے منتر کی ۱۱ مالائیں جپے۔ منتر درج ذیل ہے۔

کنیری منتر: اوم اے لنام ہریائے ہریا ولبھا کنیرینے آگچھ آگچھ. دھندھانیا سمریدھم دیھی دیھی پھٹ.

میں نے یہ سادھنا دوبارہ بھی کی اور مہینے میں انوپما سے دوبارہ ملا اور آج بھی وہ میرے ساتھ رہتی ہے اور ہر کام میں میری مدد کرتی ہے۔

مہا کالی

مہا کالی کی سادھنا تانترک ودھیاؤں میں سے ایک بہت ہی اہم اور شکتی شالی سادھنا ہے اسی سادھنا کے ذریعے سے پہلی بار کالی نے پہلی بار کسی عامل کے سامنے درشن دیئے۔ اس سادھنا کی تمنا ہر کوئی کرتا ہے اور جو اس میں کامیاب ہوتا ہے۔ وہ کبھی بھی زندگی میں کسی چیز کی تمنا یا آرزو نہیں کرتا یہی سادھنا کامیابیوں کی بلندی اس کی زندگی میں لانے کا اعلان کرتی ہے۔

یہ سادھنا آپ کے لئے (یوگی راج کالی داس آنند) جو کے عاملوں کے لئے اندھیرے میں چراغ کی مانند ہیں اور کالے تانترکوں کے راجہ ہیں ان کی اجازت سے پیش کی جا رہی ہے۔

سادھنا کا مفہوم

ویسے تو دنیا میں لاکھوں سادھنائیں ہیں مگر جو دس مہاودیا سادھنائیں جو بڑی دیویوں کے لئے تانترکوں نے پرکھٹ کی ہیں۔ یہ سادھنا بھی ان ہی میں سی ایک سادھنا اور بہت ہی اچھی اور کامیاب سادھنا ہے اس سادھنا کو کال پٹورکشا سادھنا بھی کہتے ہیں۔ اُن دس

سادھناؤں میں سے کالی کے سادھنا سب سے پہلی ہے اور سب سے طاقتور سادھنا ہے پرانے وقتوں میں یوگی، درشی اور سادھو لوگ اس سادھنا کی ریاضت کالی کے لئے کیا کرتے تھے۔ مہا کالی کی سادھنا تمام آرزومندوں کے لئے ایک تحفہ ہے اور ان کی زندگی میں کامیابی کی دلیل ہے۔ اس سادھنا کے بہت سارے اور بے شمار فوائد ہیں مگر وہ اس سادھنا کو پورے کرنے کے بعد ہی عامل کو معلوم ہوتے ہیں۔

منتر: اتھا کالی منتریئے سدیو واک سدھی پراپنے ون، اراویتائریھہ سروستم پراپنو وانتی جنا بھوریھہ.

فوائد

۱۔ اس مہا کالی سادھنا کو کرنے والے عامل میں (واک سدھی) شکتی بھی پیدا ہوجاتی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کے وہ جو بات منہ سے کہتا ہے وہ پوری ہوتی ہے۔

۲۔ یہ سادھنا پڑھنے والے عامل کو ساری بیماریوں سے نجات مل جاتی ہے۔

۳۔ اس سادھنا کے کرنے والے کے ہاتھ میں ایک طرف تو تمام خوشیاں اور مسرتیں لاتی ہے اور دوسری طرف ہر وہ دنیاوی خواہش پوری کرتی ہے۔ جس کی وہ تمنا کرتا ہے۔

۴۔ اس سادھنا سے بڑی اور کوئی سادھنا نہیں یہ ہر طریقے کے کاموں کے علاوہ اپنے عامل کی ہر چیز سے حفاظت کرتی ہے۔ ہر طرح کے امتحان میں اور کسی بھی میدان میں ناکام نہیں ہونے دیتی۔

۵۔ دس بڑی مہاوڈیاؤں میں سے یہ بڑی ودمی ہے جو اپنے عامل کے لئے دروازے کھولتی ہے اور طاقتور سادھناؤں کے اور کامیابی کی دلیل ثابت ہوتی ہے۔

۶۔ اس سادھنا کے ذریعے سے عامل مالی طور پہ بھی مستحکم ہوجاتا ہے۔

۷۔ اس سادھنا کا عامل سادھنا کرنے والے عاملوں میں ایک علیحدہ نشان حاصل کر لیتا ہے۔ جس نشان والے کو ایک عامل ہی دیکھ سکتا ہے اور وہ نشان اس بات کی گواہی دیتا ہے کے یہ بہت بڑا اور شکتی شالی عامل ہے۔

سادھنا کا وقت

نوراتری، (شروع کے پہلے ۹ دن اسون یا چیترا) کے کہلاتے ہیں۔ یہی سب سے اچھا

وقت ہوتا ہے اس سادھنا کو شروع کرنے کے لئے اس کے بعد میں آپ کو ایک نصیحت کرونگا کہ آپ جب بھی کوئی مہاوڈیا سادھنا کریں اور خاص طور پہ جب کالی کی سادھنا کریں تو ان ہی دنوں میں کریں۔

ایک آسان طریقہ

ایسے تو تانترک طریقوں سے عمل کرنا بہت مشکل ہے کیوں کے ان کے اصولوں پر کاربند رہنا ہر کسی کا کام نہیں، مگر کالی کی سادھنا کا بہت ہی چھوٹا اور آسان طریقہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اور اس سادھنا کو میں امید کرتا ہوں کے ہر کوئی آرام سے پورا کر سکے گا۔

سادھنا کے اصول:

(1) آپ سب سے پہلے کالی-ینترہ اور کالی کی تصویر حاصل کریں۔

(2) عمل کے پہلے دن، کالی کے دھیان اور آرتی وغیرہ کے بعد آپ کالی کی سادھنا شروع کرسکتے ہیں۔

(3) سادھنا کے اندر پانچ چیزوں کی خاص ضرورت ہوتی ہے۔
گُم گُم، پھول خوشبودار، دھوپ، چراغ اور کالی کا پرساد۔

(4) چارپائی اور تخت وغیرہ پر نہ سوئیں بلکہ زمین پہ سوئیں۔

(5) کھانا دن میں ایک بار کھائیں اور صرف سبزیاں کھائیں جو کہ بغیر ادرک، لہسن اور پیاز کے پکائی گئی ہوں۔

آمد

عامل کو سادھنا شروع کرنے کے تیسرے دن، جب وہ منتر پڑھنے میں مصروف ہوگا تو اسے ایک انجانی خوشبو کا احساس ہوگا اور اس پہ نشہ طاری ہوجائے گا۔ پانچویں دن اس کو گھنٹیوں کے ساز بجتے ہوئے محسوس ہوں گی۔ اور عمل کے آٹھویں روز ایک شاندار طریقے سے اپنی تمام شکتیوں کے ساتھ مہا کالی درشن دے گی۔ اس عمل میں کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ عامل بتائے گئے اصولوں پہ پابند رہ کر پورے دھیان سے کالی کا تصور کرتے ہوئے اپنے من میں کوئی کھوٹ نہ لاتے ہوئے

جاپ کرے گا اور بتائے گئے ہر طریقے پر عمل کرے گا تو ہر حال میں کامیاب ہو جائے گا۔

طریقه

عمل کے پہلے دن نہانے کے بعد پاک صاف کپڑے پہن کر اپنا رخ مشرق کی طرف کر کے کسی کپڑے کے آسن پہ بیٹھے۔ اس پہ بیٹھ کر اپنے سامنے کالی کا یترہ اور مورتی اور دیپ اصلی گھی کا جلائے۔ سب سے پہلے گنیش کا دھیان کرے پھر اپنے گرو کا دھیان کرے اور پھر اس کے بعد مہا کالی منتر کا جاپ شروع کرے۔ اس کہ بعد اپنے سیدھے ہاتھ میں پانی لے کر عمل شروع کرے اور ایک ہی عمل میں جب لاکھ ہو جائے تو سمجھ لیں کے اب آپ کا مقصد پورا ہو جائے گا۔ اس کے بعد اپنی جو بھی خواہش ہے اسے من ہی من میں دہرائیں۔ پھر پانی کو زمین پہ گرا دیں۔ اب اس کے بعد کالی کے اصل منتر کا جاپ کالی پر کریں۔ منتر مندرجہ ذیل ہے۔

سوار وھامہ بھیما گھور ادنشترم حسنمکیم چتُر بھوجا مکھاد اکمنداو اوربھایا کرم۔

۲. منڈمالادھرم دیوی لولاجیوانڈِ گامبھرم سنچائت کلِم سنچنتیکالم شمع ،صنع ملایاوسینم۔

اس کے بعد رودراکش کے دانوں پہ ۲۱ مالائیں روزانہ جپے۔ اور جاپ تک لگاتار پڑھتے رہیں جب تک منتروں کی تعداد ایک لاکھ نہ ہو جائے۔ سدھ منتر مندرجہ ذیل ہے۔

منتر: کرِیم کرِیم کرِیم ہرِیم ہرِیم ہوُم ہوُم دکشِنے کالِکے ، کرِیم کرِیم ہرِیم ہرِیم ہوُم ہوُم سواہا .

چندریکا دیوی

سادھن کا وقت: اس کو سدھ کرنے کا وقت رات کے گیارہ بجے چاندنی رات میں ہوتا ہے۔ عامل شمشان بھومی میں جا کر مردے کی چتا والی بھومی اردھ چندراکار مردے کی ہڈیوں کا بنا دے۔ اور آردا نکشتر میں چندروار کے دن سے منتر کی ارادھنا کرے اور ۳۰ دن تک برابر جاپ کرتا رہے۔ جب سواتی نکشتر میں سوشو منا ناڑی چلنے لگے اس وقت جاپ کو ختم کرنا

چاہئے۔

(سادھن منتر)

اوم ھیس کلیس چامنڈائین ورچے سی سواھا، اوم چڑی ڈکا یچھیڑن نم سواھا.

اس منتر کو ۵۰۰۰۰ ہزار مرتبہ جاپ کریں اور اس کے جاپ کے لئے مردے کی ہڈیوں کو دانے کی شکل میں مالا میں پروئے۔ ہر دانے پر (اوم شری اوم شی اوم شی) بیچ میں کندہ کرے اور ہر ایک جاپ پر گھی اور گو کی آہوتی دیتا جائے۔ بھوگ کے لئے کالے اُڑت اور چاول کا بلیدان تیار رکھے۔ آخری آہوتی دہی، دودھ، درت، اور شہد کی دیں۔ اور کسی برہمن کو کھیر کا بھوجن کرائیں۔ یتھا شکتی ان کی سیوا اور دان دے۔

سوروپ: ۴۵ برس کی عورت کالے رنگ کی مہندی ہاتھوں پہ رچائے اور منہ میں پان دبائے دانتوں کو آگے نکالی ہوئی ایک ہاتھ میں لڈو اور دوسرے ہاتھ میں آگ جلاتی ہوئی عامل کے پاس چلی آتی ہے۔ اور رکھے ہوئے بلیدان کو لے جاتی ہے۔ اگر عامل اس وقت خوف زدہ نہ ہوا تو ماضی، حال اور مستقبل کا حال بھی بتاتی ہے۔ عزت اور شہرت بھی بہت دیتی ہے۔

لچھمی دیوی

سدھ کرنے کا وقت: اس کی سدھی کرنے کا وقت پرات کال میں ۴ بجے کی جاتی ہے۔ اس کی سادھنا کے لئے پاک استھان کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس جگہ پہ اس کی سادھنا کی جائے اس مکان میں کوئی ناپاک نہ جائے۔ اور نہ ہی کوئی استری اس مکان کی صفائی کرے۔ سادھنا سے پہلے مکان کی لپائی، پُتائی اور صفائی کر کے اس کو دھوپ، چندن اور آدی کی دھوپ دے کر چاروں طرف پھولوں کی مالا لٹکائیں اور خوشبودار عطر کپڑوں میں بسا کہ عمل شروع کریں۔

منتر: لچھمی کانتمو کمل نیئن سندور شوبھا ورمو. بھولیندر تلک للاٹ مگٹ مُنہ واڑی ورم ورردائیگو.

اترا بھادر پکش نکشتر میں چھپی کی مورتی اشٹ دھاتوں کی بنوا کر استھاپت کریں اور
پرات کال اس کو گنگا جل سے اشنان کرا کر اس کے ماتھے پر کیسر اور کستوری کا تلک لگاوے
اور سوین کش آسن پہ بیٹھ کر پتامبر وستر دھارن کرے۔ پھر اشنان کراتے ہوئے جل کا بھگتی
بھاؤ سے پان کرے۔ اور دل میں مورتی کا تصور کرتے ہوئے تلسی کی مالا ہاتھ میں لے کر
۱۰۸ مرتبہ جاپ روزانہ کریں۔ بھنگ کے لڈو بنا کر سامنے رکھیں اور اس طرح سے ۳۱ دن
تک جاپ کرتے رہیں۔

سوروپ: جس سمیں یہ آتی ہے اس سے پہلے راجہ مہاراجاؤں کی طرح چاروں طرف
خاموشی چھا جاتی ہے۔ خوف کا کوئی کام نہیں رہتا۔ اس کا سوروپ ساکشات آنکھوں سے
دکھائی نہیں دیتا ۳۰ دن تک خواب میں آ کر عامل کو درشن دیتی ہے پھر اس کے سامنے ۳۱ ویں
دن سامنے درشن دیتی ہے۔

خوبصورت گورے رنگ کی ۱۸، ۱۹ سالہ کنیا، چاندنی بدنی دل موہنے والی بانہیں چمپے کی
ڈال کی طرح، ناک میں سانے کی نتھ چھلکائے ساکشات دیوی اوتار دونوں ہاتھوں میں کمل
(کنول) کے پھول دھارن کئے ہوتی ہے۔ جب یہ پرسند ہوتی ہے تو مالا مال کر دیتی ہے اور
جب اس کو بھوگ نہ دیا جائے یا اس کو تنگ کیا جائے تو فقیر بنا دیتی ہے۔

شوبھنا

سدھ کرنے کا وقت: اس کا وقت رات کے ایک بجے ہے۔ آشاڑھ بدی ۱۶ گروار کے
دن سواتی نکشتر میں اس کو سدھ کرنا چاہئے۔ بھوگ کے لئے تیل اور گُو میں آٹا گوندھ کر لڈو
بنالیں۔ ہر دن جاپ کرنے ختم کرنے کے بعد وہ لڈو کالے کتے کو کھلا دیا کریں۔ اس کا جاپ
بیچے پرتی ۱۰۸ بار روزانہ کریں۔ اس طرح ۳۰ دن تک روزانہ کھلائیں اور آخری دن تیل،
بیسن اور گُو کے ۱۰۸ لڈو بنا کر کتے کو کھلائیں۔

منتر: اوم شوبھنائے ، شوبھنائے نم، نرکارو نراما سوَ وشین کرُو
کرُو سواہا۔

کیفیت درخت کی چھاؤں میں بیٹھ کر ۳ دن تک جاپ کرتا رہے۔ جاپ کرنے کی مالا
چکنی مٹی کے دانوں کی بناوے اور اس میں کنواری کنیا کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت ڈالے۔ یہ

سوت وشاکھا نکشتر میں کاتا جاتا ہے۔ اس کی کپاس پراکرتک روپ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس
کو کوئی جاتا یا بوتا نہیں۔ کبھی برسات میں اپنے آپ اُگ آتی ہے۔ اور پنچک تیاگ کر کپاس
لائی جاتی ہے۔ پھر اس کو کنواری کنیا کے ہاتھ سے کتواتے ہیں۔ اس جاپ کی مالا
(۱،۲۵،۰۰۰) کا گر چیت سے جپی جاتی ہے۔ ختم ہونے پر کنیاؤں اور لانگوراؤں کو حلوے
اور چنے کے ساگ کا بھوجن کرایا جاتا ہے۔ پھر ان کو لال رنگ کے کپڑے پہنا کر حیثیت کے
مطابق دان دیتے ہیں۔

سوروپ: جب یہ آتی ہے مختلف رنگ کے روپ بدلتی ہوئی آتی ہے۔ کسی وقت تو
خوفناک آوازیں بھی نکالتی ہوئی آتی ہے۔ کبھی کبھی اس کے ساتھ میں انیک استریاں آتی
دکھائی دیتی ہیں۔ کبھی کبھی یہ سب مختلف طریقوں سے ناچتی ہوئی آتی ہیں اور کبھی روتی ہوئی
آتی ہیں۔ اس کی شناخت کا وقت بڑا بھیانک ہوتا ہے۔ عامل کو چاہئے کے عزم کے ساتھ
بیٹھا رہے اور جو دھیان ہے وہ ہٹنے نہ پائے ورنہ وہ پاگل ہو جائے گا۔

(کرُوپڑی) ایک آنکھ اوپر کو چڑھی ہوئی ہوتی ہے اور ماتھا ٹیڑھا ہوتا ہے۔ اس کو
دیکھتے ہی جسم میں خوف کی لہر دوڑ جاتی ہے۔ یہ شراب اور گوشت سے زیادہ لگاؤ رکھتی ہے۔
گلے میں مختلف قسموں کی کھوپڑیاں لال رنگ سے رنگی ہوئی پڑی ہوتی ہیں۔ پربھاؤ یہ آتے ہی
عامل کو اٹھا کے پٹخ دیتی ہے۔ مختلف قسم کے ڈراؤنے منظر دکھاتی ہے۔ اگر عامل ان سب کو
برداشت کر جائے
تو مالا مال کر دیتی ہے۔

مردنا

اس کا سادھن رات کے پچھلے پہر میں یعنی دن کے آرمبھ کال میں کیا جاتا ہے۔ نرجن
ون میں جہاں کوئی آدمی یا عورت آتا جاتا نہ ہو اور نا ہی کسی قسم کا شور سنائی دیتا ہو۔ وہاں پہ
چھونکراں کی کونپل لائے اور اس میں برگد کی ٹہنی لگا کر ہون سامگری تیار کرے اور زمین
پر شٹھ چکر کاٹ کر کُرٹ بنائے اور ہر چکر پہ (اوم ہیں) کا بیج انکت کرے۔ بیچ میں مردنا
پنچھوی کا نام لکھ دے پھر اس کے اوپر برگد اور چھونکراں کی کونپل والی سامگری رکھ کر آگنی میں
پرویش کرے اور منتر کا جاپ شروع کرے۔

منتر: اوم شری مدنا شوری یچھڑی سواھا ، اوم کال بھیر وائے نم
فٹو فٹو سواھا.

اس طرح اس منتر کو ۵۰۰۰ ہزار بار جاپ پیڑ کے نیچے بیٹھ کر کریں۔ اسی جگہ پر ہون کنڈ استھاپت کریں۔ جاپ کی مالا کے دانہ مور کے پروں سے بنائیں ہر دانے کے بیچ میں ایک ایک گانٹھ کالے اون کی لگائیں۔ جب مالا تیار کر چکیں تب اسی وقت پر سیار کی کھال پہ بیٹھ کر جنوب کی طرف منہ کر کے جاپ کرنا شروع کریں، ۲۱ دن تک برابر جپ کرتے رہیں ۳۱ ویں دن یہ یچھوی سدھ ہو کہ درشن دے گی۔ یہ یچھوی، ۲۷ دن میں سدھ ہونے کی خبر دیتی ہے۔ عامل سے خواب میں بہت قسم کی دل آویز باتیں کرتی ہے۔ اپنی خوبصورتی اور اداؤں سے عامل کو موہت کرتی ہے۔ ہر طرح سے عامل کی خدمت کرتی ہے اور خواب میں بھی جو عامل کہتا ہے اس کو اسی وقت پورا کرتی ہے۔ اس کو خوبصورتی کی وجہ سے روپ وتی بھی کہا جاتا ہے۔ خوبصورت عورت میٹھی میٹھی باتیں کرنے والی اور چہرے پر سدا میٹھی مسکان لئے مسکراتی ہوئی نظر آتی ہے۔ ہمیشہ کاسنی رنگ کے کپڑے پہنتی ہے۔ عامل کی ہر مراد کو پل بھر میں پورا کرتی ہے۔ جو عامل اس کو ایک بار پرسند کر لیتا ہے تو وہ سدا خوش رہتا ہے۔ عامل کی ہر ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

بانڑی

اس کی پڑھائی کسی بھی نوچندے پیر یا منگل سے شروع کر سکتے ہیں۔ اس میں بانڑی سدھ ہوتی ہے اور ہر بات کی خبر دیتی ہے اور عامل جو کام کہتا ہے اسے پل بھر میں پورا کرتی ہے۔ عامل کو چاہئے کہ شدھ من سے دھیان کر کے اس کا جاپ کرے کوئی بھی برا خیال دل میں نہ آنے دے اور ہر قسم کا پرہیز بھی کرے کیوں کہ پرہیز سے من اور تن دونوں پاک ہو جاتے ہیں اور سدھی کا دوھان کرنے کی شکتی پیدا ہو جاتی ہے۔ بانڑی کو سدھ کرنی کا منتر یہ ہے۔

اوم بن میں بسی بانری اُتھل پیڑ پر جائے ، کدُ کدُ شاخن پہ پھل کھائے ، آدھا توڑے آدھا پھوڑے آدھا پھل کھائے ،

عمل کی تعداد : ۳۱۳ عمل کی مدت: ۲۱ دن

اس کے بھوگ میں تین رنگ کی مٹھائی، پھل، اور پھال وغیرہ رکھیں۔
دھونی گوگل اور لوبان کی دیں اور برابر ۲۱ دن تک عمل جاری رکھیں ناغہ نہ ہونے پائے ورنہ عمل ضائع ہو جائے گا اور آپ کی محنت بیکار ہو جائے گی۔ گھی یا سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔ تنہائی میں بیٹھ کر عمل کریں اور دھیان مضبوط رکھیں۔

راکشس، بھوت اور بیتالے کا منتر

اس عمل کے لئے سب سے پہلے ضروری ہے کہ تنہائی کی جگہ تلاش کریں اگر ایسی جگہ نہ ملے تو شمشان چلے جائیں یا قبرستان میں جا کر عمل کریں اور عمل کرنے کے لئے جب جائیں اور جب آئیں تو کسی سے بھی کلام نہ کریں اور عمل سے فارغ ہوتے ہی بستر پر لیٹ جائیں اور کوشش کریں کہ عمل کی جگہ پہ ہی سو جائیں۔

منتر: راکھشس بھوتن بیتالے دیوے بھوت جنو را دشی ، ڈاکنی، پریتنی ، چنیوا دھوپ دے ولائے.

توشہ: شراب ،کلیجی ،مٹھائی ،سندور ،دھوپ ،گوگل ،لوبان اور ناریل اور سرسوں کے تیل کا چراغ۔ عمل کی تعداد: ۳۶۳ عمل کی مدت: ۲۱ دن

بانے بیر کا منتر

اس منتر کو منگل کے دن سے شروع کرنا چاہئے۔ اس میں پیلے کپڑے پہننے چاہئیں اور نفس پہ پورا عبور ہونا ضروری ہے کیوں کہ یہ منتر ہنومان سے جڑا ہے اور اس میں تھوڑی سی بھی لاپرواہی اور بے احتیاطی عامل کو پاگل کر سکتی ہے یا موت کے منہ میں لے جا سکتی ہے لہٰذا عمل کے دوران بتائی گئی شرائط پہ مکمل طور پہ کا[illegible] ہیں اور ناغہ نہ [illegible] نے پائے عمل پہ بیٹھے وقت رجال الغیب کا خاص خیال رکھیں ورنہ ذرا سی بھی چوک کی وجہ سے ساری محنت اُکارت ہو جائے گی اور بعد میں پچھتانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

منتر: اوم نمو آدیش گرُو کو کال کوا چِگ چگ کر بولے آوے بانے ھارے ،سجی ہنومان ھانکے مارے وش میں ہوئے ھرے ھرے

منتر بابا ایشوری

حاضری برائے بیر

اس پڑھائی کے اندر کسی خاص بیر یا مؤکل کا نام نہیں لیا گیا ہے کیوں کے اس میں سیدّ نا محی الدین کی قسم دی گئی ہے جس کے زریعے سے اس پڑھائی کا عامل تمام مؤکلوں اور طیروں کو اپنی طرف راغب کر لیتا ہے اور وہ مؤکلات یا بیر اس پڑھائی کی وجہ سے عامل کا حکم بجا لاتے ہیں اور اس کی مرضی کے مطابق ہر کام کرتے ہیں اور زیادہ تر اس پڑھائی سے حب، محبت، شادی، اور دیگر کام لئے جاتے ہیں اس لئے یہ پڑھائی حاضر چیز کے ساتھ ساتھ حب کا عمل کرنے والوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔ اس لئے خاص طور پہ میں عاشقوں کو اس عمل کو ایک بار لازمی سدھ کرنے کی رائے دیتا ہوں۔ اللہ آپ لوگوں کو عملیات کی دنیا میں کامیابی کی وہ منزلیں دکھائے جو آپ چاہتے ہیں اور میں ایک بات واضح کر دوں کے عملیات میں کامیابی استاد کے بغیر ممکن نہیں اس لئے آپ کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے اس عمل کی اجازت ضرور لیں۔

عبارت: کھاجے پہ کھاجہ. کھاجے پہ نور بھیجنے موکل سلایا حضور. دل کبوتر ہو تڑیا گھیرا ایا سین کا مشکل میری حل کرو بیرو موکلو صدقہ. محی الدین کا. کون چلے بیر موکل چلے ایسا کڑا چلے جیسے کمانڈن. تیر چلے سُتے کو اٹھا لیا بیٹھے کو بچا لیا. نہ بن کے لیے آویں تو. ماں کی بتّی داریں حرام کریں ویکھاں بیرو موکلو تیرے علم. کا تماشہ سر پہ حاضر آن کھڑا.

عمل کی تعداد: ۱۰۸

عمل کی مدت ۲۱ دن

دیگر عملیات

عمل برائے سٹہ

عبارت!

دیپر کی لکڑی کافر کا سر. آسر آسر آسر

طریقہ: اس عمل کا طریقہ یہ ہے کے اس عمل کے لئے آپ کو ایک مردے کی کھوپڑی کی ضرورت پڑے گی۔ نئے کپڑے سفید رنگ کے پہن کر اور گوگل لوبان کی دھونی لگا کر اپنے سامنے رکھیں اور تھوڑی مٹھائی اور پھول بھی رکھیں اس کے بعد ہاتھ میں دیپر کی لکڑی لے کر اور دوسرے ہاتھ میں تسبیح لے کر پڑھائی شروع کریں اور لگا تار پڑھتے رہیں اور دھونی لگاتے رہیں۔

عمل کی تعداد: ۱۱۰۰ عمل کی مدت: ۲۱ دن

عمل برائے سٹہ اور دیگر لاٹریز

اس عمل میں پاک صاف ہو کر نئے کپڑے پہن کر اور نئی تسبیح اور نئی جائے نماز پہ بیٹھ کر چڑھتے چاند میں عمل شروع کریں۔ عمل ایک ہی وقت پہ مقررہ جگہ پہ روزانہ کریں اور شروع میں نمبر کسی کو نہ بتائیں اور نہ خود کھیلیں بلکہ عمل پورا ہونے کا انتظار کریں اور اگربتی اور شیرینی اپنے سامنے رکھیں اور باوضو ہو کے عمل کریں اس عمل کو آپ جس نیت سے کریں گے آپ کو اس کے مؤکلات وہی چیز کے بارے میں مطلع کریں گے۔ یہ عمل سورہ فاتحہ کا ہے اس کے اور بھی حیرت انگیز نتائج ہیں جو آپ عمل کر کے ہی جان سکتے ہیں اور اس کے راز بھی اس کے عامل پہ ہی منکشف ہوتے ہیں۔ لہٰذا سٹے اور پرائز بونڈ کے شائقین کے لئے یہ میرا خاص تحفہ ہے۔

عمل! نعبدُکَ نستعین

عمل کی تعداد: ۱۱۰۰

عمل کی مدّت: ۴۱ دن

عمل برائے سٹہ

عبارت ایا بدوّح بحق بیے خبر کو خبر کر سٹے کی خبر مجھ کو کر.

اس عمل کو آپ شروع چاند میں کسی بھی دن شروع کر سکتے ہیں۔اس عمل کے لئے آپ کو اگربتی لگانی پڑے گی اور روزانہ ایک ہی جگہ پہ مقررہ وقت پہ پڑھائی کرنی پڑے گی۔اس عمل کے لئے پرہیز جلالی و جمالی لازمی ہے کیوں کہ بدّوح موکل کا نام ہے جو حاضرات کا شہنشاہ ہے یہ موکل جلالی بھی بہت ہے لہٰذا عمل کے طور طریقوں پہ پابند رہیں اور پاک صاف رہیں۔عمل باوضو ہو کر پڑھیں اگربتی سلگتی رہنی چاہیے۔اس عمل کی نیاز میں آپ سفید رنگ کی شیرینی اور تھوڑے سے گلاب کے پھول سامنے رکھیں دوسرے دن وہ شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں اسی طرح روزانہ عمل کریں انشاء اللہ کچھ ہی دنوں میں آپ کو نمبروں کی معلومات ہونا شروع ہو جائے گی۔عمل کپڑوں میں عطر لگا کر پڑھیں۔

عمل کی تعداد: ۳۱۴ عمل کی مدت: ۴۱ دن

موہنی وشی کرن

منتر: باندھوں لی اِندر کی باندھوں تارے، باندھوں بِنا لو کی دھار، نہ اُٹھے گا اِندر نہ بولے گا گائوں پرنتو من کی اِچھا پوری ہو جاوے.

منترا من باندھوں من ینت باندہ .وِدھا دے ساتھ، چار کھونٹ لوبھر آدھی آدھی، فلانی فلانے کے ساتھ. کرُو کرُو سواھا.

طریقہ: کپاس کے بنولے ۲۱ تک لے کر ایک ایک کو ہاتھ میں لے کر ۲۱ منتروں کو پڑھ کر باری باری آگ میں ڈالتا جائے اس سے آپ کے سارے کام بن جائیں گے۔جو سوچیں گے وہ پائیں گے۔

راجہ وشی کرن

منترا اوم نمو آدیش گرُو کا. گھر باندھوں دوار باندھوں، اور گرُو کی شکتی سے باندھوں سنسار، راجہ کو باندھوں

پرجہ کو باندھوں دے شیو جی آشیر واد، مجھ کو شکتی دو شکتی دو شکتی دو.

طریقہ: دھوپ، دیپ، پھل، پھول لا کر پاروتی کا دھیان کرو اور شنی وار کے (ہفتہ) کے دن ۱۲۱ مرتبہ اس منتر کا جاپ کریں۔

تنتر برائے وشی کرن

۱۔ جلتی چتا کی راکھ کو گائے کے پیشاب میں بجھا کر اس میں زعفران ملا لیں اور اسے دھوپ میں سکھا کر چورن کی طرح بنا کر رکھے۔بنا بتائے جس کو وش میں کرنا ہو اس کے سر میں ایک چٹکی ڈال دے۔

۲۔ کالے بھنورے کا پر لے کر اسے لونگ کے ساتھ ملا کر پیس لیں جب یہ سوکھ جائے تو جس ناری کو وش میں کرنا ہو اس کے سر میں ایک چٹکی ڈال دیں کامیابی ہو گی۔

۳۔ سفید آک کی جڑ، کوے کا خون، کالا زیرہ ان سب کو ملا کر پیس لیں اور چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔اور چاند کی ۱۴ تاریخ کو جس کو وش میں کرنا ہو اس کے سامنے اس گولی کا تلک لگا کر چلا جائے اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دل میں اترنے کا خیال کریں اس کے دل میں آپ کے لئے محبت پیدا ہو جائے گی۔

۴۔ سرسوں دیوداس کو اکٹھا کر کے ان کو باریک باریک پیس کر ململ کے کپڑے سے چھان لیں۔پھر ان میں تھوڑا سا شہد ملا کر گولیاں بنا لیں۔یہ میٹھی گولیاں کھانے میں بھی مزہ دیتی ہیں ان کو منہ میں رکھ کر آپ جس سے بات کریں گے وہ آپ کے وش میں ہو جائے گا۔

وشی کرن لیپ

لاہوری نمک، کبوتر کی بیٹھ، ان دونوں کو ملا کر باریک باریک پیس لیں اور پھر اس کو شہد میں ملا لیں جس کے بعد ایک لیپ تیار ہو گا۔اس لیپ کو اپنے عضو خاص پہ لگا کر آنند لیں ناری ہمیشہ کے لئے آپ کے وش میں ہو جائے گی۔

وشی کرن پتلی

سنیچر کے دن ایک پتلی بنائیں پھر اس پتلی کے اندر پیاری کا نام لکھیں۔اس کے بعد

اس پتلی پہ یہ منتر ۱۰۷ بار پڑھیں۔

منتر! اوم نمو چھوُ چھان چھ، اوم نمو وشی کرن سپھلم ، سپھلم سپھلم سپھلم۔

بس پھر اسکے بعد اس پتلی کو اپنی چھاتی سے لگا کر ۱۰ منٹ تک بیٹھے رہیں اور اس ناری کا دھیان کریں۔ کچھ ہی وقت کے اندر یا کچھ دنوں ایسا کرنے سے وہ ناری آپ کے قابو میں ہو جائے گی۔

وشی کرن بوُکنی

جلتی چتا کی راکھ کو مچھلی کے تیل میں سات دن تک بھگو کر رکھیں اس کے بعد سکھا کر کسی شیشی میں بھر لیں جس مرد یا عورت کو وش میں کرنا ہو اس کے سر میں چٹکی بھر راکھ ڈال دیں اور پھر یہ منتر پڑھیں۔

اوم رووشم وشم۔ او م رووشم وشم۔ اوم رووشم وشم۔ او م رووشم وشم۔

اس منتر سے پہلے اس کا نام لیں جس کو قابو کرنا ہے۔

منتروں کے ذریعے بیماریوں کا علاج

پیلیا دور کرنے کا منتر

منتر! اوم نمو بھگوتے واسوُدیوا، پیلیا روگ کر کرو انت، پربھو میرے میں ہوں آپ کے دوار کا بھکاری ، اوم اوم اوم. اوم اوم اوم اوم اوم اوم .

اس منتر کو سفید کاغذ پہ لکھ کر سات دن تک پانی میں گھول کر پلاتے رہیں۔

نیتر باندھا نوارن منتر

منترا! اوم نمو آگراچھ سوُر سندری سواھا.

شنی وار کے دن نیم کے پتوں کو لے کر اس سے ہی یہ منتر پڑھ کے آنکھ کو جھاڑیں اور یہ منتر جپیں تو آنکھوں کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

نظر بندی کرنا

اکو ہرے کا پھل اور بلائی قند مکھ میں رکھ لینے سے دوسرے منش کی نگاہ بندھ ہو جاتی ہے۔ اور وہ منش اس پرکار بند کر کے جو چاہے دکھا سکتا ہے۔

سدا جوان رہنے کا نسخہ

جو شخص آملہ کے رس میں حل کیے ہوئے پیپل اور آملے کے پلکے چورن کو چینی اور شہد میں ملا کر چاٹے اور اوپر سے دودھ پیے تو وہ بڈھا بھی جوانوں جیسا ہو جاتا ہے۔ سالم مصری، مروڑ پھلی، اور سفید موصلی کو ایک ساتھ کوٹ پیس کے گور وگد کے ساتھ جو پیوئے وہ بھی جوانوں کی طرح تندرست و توانا ہو جاتا ہے۔

وداری قند کے سورس میں حل کیئے ہوئے وداری چورن کو شہد اور گھرت میں ملا کر چاٹنے سے جوانی میں چار چاند لگ جاتے ہیں۔

جو آدمی ایک تولہ ملیٹھی کے چورن کو گھی اور شہد میں ملا کہ چاٹے اور اوپر سے دودھ کا استعمال کرے تو ہمیشہ تندرست و توانا رہے گا۔

کاونچ اور کھرنٹی کے چورن کو چینی میں ملا کر تھنوں سے نکالے ہوئے دودھ کے ساتھ پئے تو جوان ہو۔

تسخیر برائے جوگن

منتر: آگاری جو گرو یاگے جوگن گرو ڈنڈبتیاں. کریاں بلیاں. ری جوگن مکھ ان ریتا گاتی. رھی رتیاں. گو جوگن چل ان اکیلیاں گو، مارے ھے تلیاں. گو جوگن باندھوں نظریاں گو جوگن آپھیاں. نہ آھے تو دھائی مہاں نیتیا کی دھائی سلیمان پیغمبر کی دھائی سلانی چھو.

طریقہ: نوچندی جمعہ کو ایک نیا چراغ سرسوں کے تیل کا روشن کریں۔ ایک اصلی چنبیلی کے پھولوں کا گجرا اپنے پاس رکھیں پڑھائی کے لئے علیحدہ پاک صاف جگہ پہلے سے منتخب کرلیں جہاں کسی کا کوئی آنا جانا نہ ہو اور اس میں دیپ کے ساتھ دھوپ کی دھونی بھی لگاتار دیتے رہیں اور ساتھ ساتھ اس منتر کو لگاتار پڑھتے رہیں جب تک آمد نہ ہو جائے اور جیسے ہی جوگن حاضر ہو اس کو فوراً چنبیلی کے پھولوں کا گجرا پہنا دیں گجرا پہنتے ہی جوگن آپ کے تابع ہو جائے گی اور آپ کا ہر حکم بجالائے گی۔ اس عمل میں آپ کے لئے ضروری بات یہ ہے کہ جب یہ جوگن آئے گی اس کے جسم سے سانپ لپٹے ہوئے ہونگے ان سے گھبرایئے مت وہ آپ کو کچھ نہیں کہیں گے جوگن ہمیشہ ناچتی گاتی اور ہنستی کھیلتی آتی ہے اس سے ڈریئے مت۔ اس طرح آپ اس عمل میں کامیاب ہونگے۔

دیوی کنکوتی

منترا اوم کنکوتی کر سادھن بدھی سدھی سواھا.

طریقہ: کرشن پکھ کی اماوس سے لے کر برابر 21 دن تک ہر روز منتر کا جاپ 3333

مرتبہ کیا جائے اور جب آخری دن رہ جاتا ہے تو نیم کی لکڑی سے ہون کریں پھر اس طریقے سے عمل کرنے سے دیوی سدھ ہو جائے گی۔

توشہ: پانچ رنگ کے پھول۔ مٹھائی۔ چراغ اور دھوپ گوگل لوبان وغیرہ

دیوی سُندری

منترا اوم نمو آگرچھ آگرچھ سور سندری سُواھا.

توشہ: ناریل۔ مٹھائی۔ سیندور اور دھوپ دیپ

طریقہ: صبح سویرے نہا دھو کر برت (روزہ) رکھیں اور کھیر اور چاول سے بھوجن کریں۔ صاف ستھرے کپڑے پہن کر صاف ستھری جگہ پر بیٹھ کر اس عمل کو شروع کریں اور 7007 دفعہ اس عمل کا جاپ کریں۔ جب جاپ کریں تو گھی سے ہون کریں۔ اسی طرح اس عمل کو 21 دن کریں تو دیوی سدھ ہوگی اور درشن دے گی۔ دوران عمل زمین پر سوئیں گوشت سے پرہیز کریں، جھوٹ نہ بولیں۔

دیوی سدھی

منترا اوم ھرینگ کلینگ نمہ

طریقہ: اسے چار حروف کا منتر کہا جاتا ہے اور اس منتر کی تعداد 1001 مرتبہ روزانہ پوری کریں اور آخری دن دودھ کی کھیر پکا کر سامنے رکھیں پھر پڑھائی کریں۔ زمین پہ سوئیں پرہیز کا خیال رکھیں اور دودھ کی کھیر کے علاوہ کوئی اور بھوجن نہ کریں تو دیوی سدھ ہوگی۔

تسخیر دیوی

منترا اُوم کلینگ شرینگ بھوِ نمہ

طریقہ: اس منتر کا طریقہ یہ ہے کہ اس منتر کو روزانہ 363 دفعہ نئی مالا پر جپیں اور اس کا توشہ اپنے سامنے رکھیں اور اس منتر کو متواتر 21 دن جاپ کریں اور جہاں پڑھائی کریں وہاں پر سو جائیں۔ پڑھائی کے بعد کسی سے بات نہ کریں۔ بڑا گوشت نہ کھائیں۔ ہمبستری سے بھی پرہیز کریں۔ پڑھائی سے پہلے حصار ضرور کریں۔

نوٹ: 5 رنگ کے پھول' 5 رنگ کی مٹھائی' ناریل' اگربتی' لوبان' سیندور وغیرہ

دیوی مسانی سدھی

منترا! اوم ہر انگ ہرینگ دیوی شمشانے درینی شمشانے سواھا

طریقہ: تمام حاجات سے فارغ ہو کر رات 12 بجے کے بعد شمشان میں ننگے بیٹھ کر اس منتر کا جاپ 108 مرتبہ روزانہ کریں جس سے مسانی دیوی سدھ ہوگی۔ اس دیوی کا توشا اپنے سامنے رکھ کر پڑھائی کریں۔ پڑھائی کا ایک ہی وقت مقرر کریں یہ دیوی بڑی ہی شور و غل کے ساتھ آتی ہے تاکہ عامل خوفزدہ ہو کر پڑھائی چھوڑ دے یہ یاد رکھیں کہ اگر آپ نے خوفزدہ ہو کر پڑھائی چھوڑ دی یا ڈر کر بھاگ گئے تو آپ کی موت واقع ہو جائے گی اور خوش قسمتی سے بچ گئے تو پاگل ہو جاؤ گے۔

توشہ: ایک شراب کا پوا۔ پھول۔ دھوپ دیپ۔ بکرے کی کلیجی اور گوگل لوبان کی دھونی۔ اس عمل کی مدت 21 دن ہے۔ عمل شروع چاند میں منگلوار سے کریں۔

دیوی کلاوتی سدھی

منترا! اوم ہرینگ کلاوتی بھیونمہ سواھا

طریقہ: اس منتر کو سدھ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس منتر کا جاپ سوا لاکھ کیا جائے تو دیوی سدھ ہو کر قابو ہو جائے گی یہ عمل شکل پکش کی پنچھمی کے سوائے اور کسی دن نہ کیا جائے کیونکہ اس کو سدھ کرنیکا یہی دن بہتر سمجھا جاتا ہے۔

توشہ: پانچ میوے' کئی رنگ کے پھول' پانچ رنگ کی مٹھائی' چراغ نیا سرسوں کے تیل کا اور سیندور وغیرہ۔

دیوی پدماوتی

منترا! اوم نانا چرن پدماوتی سواھا۔

طریقہ: اس منتر کو سدھ کرنے کا طریقہ بھی اوپر والے منتر کی طرح ہے۔ دونوں منتر

ایک ہی طریقے سے سدھ کئے جاتے ہیں اور اِن عمل کی مدت 60 دن ہے روزانہ جاپ 3125 مرتبہ روزانہ کیا جائے۔ دھونی دھوپ کی دیوی اور چنبیلی کا چراغ جلائے۔

منتر برائے وشی کرن

منترا! اوم نوم سواستری سرودکھ وشی کارنی شرینگ ہرینگ سواھا۔

طریقہ: اس منتر کا جاپ بڑا ہی مشکل ہے مگر گولی کی رفتار سے کام کرتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ اس کا جاپ 3422 مرتبہ روزانہ 21 دن تک متواتر کریں اور کوئی بھی میٹھی چیز زبان پر رکھ کر کریں تو منتر سدھ ہو جائے گا اور پھر آپ اپنی من چاہی استری کو وش میں کر سکتے ہیں۔

سدھی برائے کملا دیوی

منترا! اوم شری کملا دیوی وردانے سرو کاریے سور کانیک کُرد پریچے سرو سدھی ورنیے سواھا۔

طریقہ: اس منتر کا جاپ بھی 60 دن بس سوا لاکھ کرنا چاہئے اور اپنے ماتھے پر چندن کا ٹیکہ لگائیں۔ اس دیوی کے سدھ ہونے پر دیوی سے جو چیز مانگو کے پل میں حاضر کرے گی اور جب بلاؤ گے فوراً حاضر ہو کر تمہارا حکم بجالائے گی۔ مگر اس سے کئے گئے عہد و پیمان پر پابند رہیں ورنہ نقصان ہوگا۔ اس عمل کو پکھ نچھتر کی ساعت میں شروع کریں۔

تسخیر دیوی چامنڈیے

منترا! اُوم سدہ رَکت چامُنڈیے کھرنک کھرنک امتک وشن مانیے سُواھا۔

طریقہ: اپنے سامنے کیر کے پتے اور پھول رکھ کر دیوی چامنڈے کا تصور کر کے اس منتر کا جاپ 21 دن میں روزانہ 1008 مرتبہ کریں اور دھوپ' گوگل' لوبان کی دھونی دیں تو دیوی وش میں ہو اور تمام خواہشیں پوری کرے گی۔

دیوی موھنی

منترا! اُوم نَمو نَانَا پَشُو مُوھنی سُواھا.

طریقہ: اس منتر کا جاپ ہر روز رات کے وقت پاک صاف ہو کر 21 یوم متواتر 1001 دفعہ پڑھنا ہے۔ جاپ شروع کرتے وقت مندرجہ ذیل اشیاء کو اپنے سامنے ضرور رکھیں۔ دو عدد ثابت سپاری' ایک عدد پان کا ہرا پتہ' سیندور' ناریل' پانچ رنگ کی مٹھائی' پھول اور زعفران وغیرہ۔ پھر گوگل لوبان و دھوپ کی دھونی دیکر پڑھائی شروع کریں۔ پرہیز ہمہ قسم کا گوشت و عورت سے مباشرت نہ کریں یہ منتر مگھا نشتر سے شروع کرنا چاہئے۔

دیوی مھندری

منترا! اُوم نَمُو مھندری دیوی نَم سُواھا.

طریقہ: جس وقت ساون کا مہینہ ہو تو مندرجہ بالا کا منتر 1008 بار کرے۔

توشہ: پانچ میوہ جات' پھل پھول دیپک و لوبان وغیرہ

اس منتر کا جاپ کرتے وقت ارنڈی کے تیل کی لکڑی اپنے پاس رکھے۔ مھندری خوش ہوگی۔

دیوی شنکھ بھوانی

منترا! اُوم دیوی شنکھ بھوانی اشنکھ دھارے ہر انگ ہر نیگ کلینگ شرینگ نمہ سواھا.

طریقہ: عامل کو چاہئے کہ صبح سویرے سورج طلوع ہونے سے پیشتر اُٹھے اور ضروری حاجات سے فارغ ہو کر ایک بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ جائے پھر اس منتر کا جاپ سورج نکلنے سے پہلے 108 دفعہ متواتر 21 دن تک کرے۔ جس سے دیوی سدھ ہو کر درشن دے گی اور منو کامنا پوری کرے گی۔

دیوی کو وش میں کرنا

منترا! اُوم ہرینگ چندریکے سُواھا.

طریقہ: اس منتر کا جاپ بھی بڑ کے پیڑ کے نیچے بیٹھ کر کیا جاتا ہے مگر یہ یاد رکھیں کہ اس منتر کو وہی آدمی سِدھ کر سکتا ہے جو ہر وقت پاک و صاف ہو اور منتر پڑھتے وقت برے خیالات کی طرف دھیان نہ دے بلکہ ہر وقت نیک خیالات کو اپنے دل میں بسائے رکھے۔

دیوی لکشمی

منترا! اوم نمو لکشمی دیوی کمل دھارنی سواھا.

طریقہ: اِس منتر کو پڑھنے کیلئے ضروری ہے اپنے سامنے دھتورہ کا پیڑ لگائیں پھر مندرجہ بالا کا جاپ 1008 بار 21 یوم متواتر کرے۔

بخور: مور کے پروں کا دھوپ دکھائے توشہ: برگ کیر

اس منتر کا جاپ بیساکھ ماہ میں سواتی نچھتر سے شروع کرنا چاہئے۔

سندری دیوی

منترا! اُوم ہرینگ بھنے ھی سُندری سُواھا

طریقہ: صبح سویرے اُٹھ کر کسی چوراہے پر بیٹھ کر اس منتر کا جاپ 313 دفعہ کرے اور ایک ہاتھ میں گلاب کا پھول لیکر بیٹھے عمل مکمل 21 یوم کرے۔ دیوی سِدھ ہوگی اور ہر کام بخوشی سرانجام دے گی۔

دِیوی سُوچنا

منترا! اوم کلینگ سوچنا دیوی سُواھا.

طریقہ: ہر روز بوقت شام عصر و مغرب کے درمیان کسی ندی کے کنارے جا کر برابر تین ماہ تک تین لاکھ کا جاپ ختم کرے۔ یہ عمل بیساکھ سواتی نچھتر کے سوائے اور دوسرے دن شروع نہ کیا جائے ورنہ اس کے سِدھ ہونے کی کوئی اُمید نہ ہوگی۔

دیوی بس میں کرنا

منترا! اوم ھرسنگ دُرجا کھتی ولاستی آگرچھ ھرینگ

بھو کلینگ نمو سواہا

طریقہ: اس منتر کا جاپ دریا کے کنارے بیٹھ کر کرنا لازمی ہے۔ اس منتر کو رات 12 بجے کے بعد کیا جائے 1008 بار 40 یوم کریں۔

گھی اور گوگل کو یکجا کر کے دھونی دیتا جائے اور جاپ کرتا جائے اس طرح سے دیوی درشن دیگی۔

یکھنی دیوی حاضر کرنا

منترا! اُوم ہرینگ مہا یکھنی سواہا۔

طریقہ: ناگنی یکھنی مورتی کی شکل اس طرح بنائی جائے کہ ہاتھ میں کنول کے پھول ہوں اور بہت ہی اعلیٰ کپڑے زیب تن ہوں۔ بہت سے قیمتی زیورات سے لدی ہو پھر اس مورتی کو دھوپ دیپ چڑھائے یہ عمل سوموار کے روز شروع کیا جائے ایک ماہ تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ منتر کو پڑھا جائے جب عمل پورا ہو جائے تو یکھنی آدھی رات کے وقت حاضر ہوگی۔ عہد و پیمان سوچ سمجھ کر کریں۔ عہد و پیان کے خلاف کوئی کام نہ لیں ورنہ نقصان اُٹھانا پڑیگا۔

عمل موھنی گیارہ روز کا عمل

پرہیز: انڈہ، گوشت، مچھلی۔ عمل گوشہ تنہائی میں کریں گیارہ روز یہ عمل کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ منتر یہ ہے۔

منترا! اُوھنی۔ مُوھنی۔ دو بھنی تیل مُوچَین۔ راجہ کی آئے کونچلی سیّار پیٹھ ہردھان۔ ٹھگ مُوھوں ٹھاکر مُوھوں۔ تک مُوھوں۔ مُوھوں سارا گام۔ جُمّن جَتِی لُو کے موھنی میرا نام۔

تعداد 101 بار۔ موھنی حاضر ہوگی۔ عہد و پیان لیں ہر کام کرے گی۔ عمل منگل یا سنیچر کو کریں۔ سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں لوبان سلگائیں۔ عمل رات 12 بجے منہ شمال یا مشرق کی طرف ہو۔

دیوی سدھ کرنا

منترا! اُوم نمو ایشوری چل برھم کیشوری سِدھی ہمارے ہاتھ بھرو۔ جوالا مُکھی چوکھا ایک سُواھا۔

اس منتر کا جاپ روزانہ 230 دفعہ 40 یوم کیا جائے۔ یہ عمل شکل پکھ پنچھتر میں 20 یوم کیا جائے اور باقی کے 20 یوم کرشن پکھ میں کیا جائے جب اس طرح کر چکے تو دیوی سدھ ہوگی اپنے سامنے ایک چوکھا چراغ ضرور جلائے۔

عمل برائے سٹہ

منترا! اُوم نمو بندار چٹ سَر کائے جَم کر کروڑ پَتی دَرشن آئے سواھا کر۔

توشہ: دو عدد لڈو موتی چور پانچ عدد گلاب کے پھول۔ اگربتی دھوپ لوبان جلائے۔ تعداد 121 مرتبہ 21 یوم عمل کرے۔ بڑا گوشت نہ کھائے، سٹہ تیسرے ہی دن سے ملنا شروع ہو جاتا ہے لیکن سٹہ 21 یوم بعد ہی کھیلے۔ عمل کی زکوۃ مکمل ادا کر کے سٹہ کھیلے کامیابی ہوگی۔ انعام پانے پر صدقہ و خیرات کرنا لازمی ہے ورنہ سٹہ ملنا بند ہو جائیگا۔

پیر غیاث الدین کی چوکی

جس کام کو معلوم کرنا ہو یا جو بات معلوم کرنی ہو تو رات کو سوتے وقت صاف جگہ پر پاک صاف ہو کر 101 مرتبہ پڑھے۔ پڑھتے وقت بخور اگربتی، گوگل اور لوبان کا جلائیں اور جہاں پڑھیں وہیں بات کیئے بغیر سو جائیں۔ رات کو شرطیہ معلوم ہوگا۔ منتر یہ ہے۔

منترا! آدم ھجری سادوں بجری سادوں سورن کایا، چار مہیش مل اجا کریں جاکو مہم مایا۔

اس عمل کو روزانہ بتائے گئے طریقہ سے کریں اور لگاتار 11 دن تک کریں۔ اسی دوران آپ کا مطلوبہ عمل کام کرنا شروع کردے گا۔ اس عمل سے آپ سٹہ، پرائز بانڈ اور دیگر لاٹریز کے نمبر لے سکتے ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔

منتر برائے سٹہ اور بانڈ

طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ آپ کو ضروری ہے کہ نہا دھو کر پاک صاف ہو کر رات کو قبرستان جا کر 11 تسبیح پڑھیں اور اسی جگہ پر سو جائیں۔ صبح اپنے مکان پر واپس آ جائیں۔ چار پانچ روز پڑھنے کے بعد آپ کو آواز آنے لگے گی۔ لیکن یہ آواز جھوٹی ہوگی۔ مگر 21 دن یا 41 روز کے بعد تمام عمر ہر طرح کے نمبر ٹھیک ٹھیک بتائے گا۔ بخور گوگل 'لوبان' کالا تل' کافور اور اگربتی جلایا کریں یہ عمل ایک پنڈت کا عطا شدہ ہے۔ منتر درج ذیل ہے۔

منترا اُوم آرے دَندے سَواھا۔

وظیفہ برائے لاٹری

رات کو پاکیزہ ہو کر نہا دھو کر لیٹے اور لوبان جلا کر 11 مرتبہ یہ اسم پڑھ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے اور ہاتھ کو داہنے کلے کے نیچے رکھ کر سو جائیں اور مطلب کا خیال کر کے سو جائیں وظیفہ یہ ہے۔ مجرب ہے۔

وظیفہ: یا اخبِرنی اخبیراً ٥

دیگر عمل برائے نمبر

ترکیب اس عمل کی اس طرح سے ہے کہ آپ جو سٹہ یا نمبر لگانا چاہتے ہیں یا جس گمشدہ اشیاء کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں وہ نیت کریں کہ یا سید احمد اگر میری کھوئی ہوئی چیز ملے گی یا صحیح ڈرا معلوم ہو جائے گا تو ایک فلوس مصری آپ کی فاتحہ دلاؤں گا۔ پھر عبارت جو درج ذیل ہے۔ 300 مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ مگر سب سے اول غسل کر کے اور باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر جس طرف دِل گواہی دے اس طرف اپنی گمشدہ اشیاء کو تلاش کریں یا جو دل گواہی دے ڈرا یا نمبر لگا دے۔ انشاء اللہ ہر طرح سے کامیابی ہوگی پھر حسب مراد فاتحہ دلا دے مجرب ہے۔ عبارت درج ذیل ہے۔

یو حانِد

طلسم برائے معلومات

اپنا نام معہ والدہ

ھ ک

ف

مقصد تحریر کریں

طلسم یہ ہے:

یہ طلسم ہر طرح کے کاموں کی معلومات میں مدد دیتا ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ چار سادہ سفید کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ طلسم بنائیں۔ طلسم کے اوپر اپنا نام مع والدہ تحریر کریں اور نیچے مقصد تحریر کریں اور چاروں پرچیوں کو تعویذ کی شکل دے کر اپنی چارپائی کے پایوں کے نیچے ایک ایک دبا دیں۔ پھر مندرجہ ذیل عبارت بمع مقصد پڑھیں۔ اسی طرح 3 دن تک روزانہ کریں اور صبح اٹھ کر اُن پرچیوں کو جلا دیں۔ عبارت برائے طلسم:

کالی چمڑی بسِ بھری انت فی امری۔

41 دفعہ پڑھیں پھر تین دفعہ یہ پڑھیں۔

اے ہمزاد اگر خواب میں آگاہ نہ کیا تو قیامت کے دن دامن گیر ہونگا پھر کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں انشاء اللہ نمبر معلوم ہو جاے گا۔ سینکڑوں دفعہ کا تجربہ شدہ ہے آپ بھی آزمائیں۔

عمل برائے بھوت نو مسلم

یہ عمل نومسلم کے لئے ہے کیوں کہ اس عمل کی ابتداء ہی غلط طریقے سے ہے۔ اس عمل کے لئے ضروری ہے کہ آپ کسی عورت سے زنا کاری کریں پھر ننگے ہو کر بغیر پاک ہوئے کسی سنسان جگہ پر پیپل کے پیڑ کے نیچے بیٹھ جائیں اور اپنے سامنے ایک پورا پان کا پتہ بمعہ دو لڈو موتی چور کے سیندور لگا کر پان کے اوپر رکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور پھر مندرجہ ذیل عمل 313 مرتبہ پڑھیں ایک بھوت حاضر ہوگا جو سائے کی طرح لہراتا ہوگا جب بھوت حاضر ہو جائے تو آپ عمل ترک کر دیں پھر اس کو گالیاں دیں تو وہ خوش ہوگا اور پان اور لڈو مانگے گا۔ آپ اس سے اپنا مطلوبہ کام معلوم کریں پھر اس کو اس کی بھینٹ دیں۔ یہ عمل مجھے اپنے

اُستاد جمیل احمد نیو کراچی والے سے ملا ہے اور آزمودہ عمل ہے۔ مگر اجازت کے بغیر نہ کریں۔

عمل: سُنسان سونا میلدنا. بھوت کھیلے مالی شیطان کر غلام کر غلام کر غلام

تسخیر برائے کامنی دیوی

یہ عمل دیوی کامنی کو تسخیر کرنے کا ہے۔ جو بہت ہی خوبصورت دیوی ہے اور بہت طاقتور بھی ہے۔ مگر اس عمل کو غیر شادی شدہ لوگ ہی کر سکتے ہیں کیونکہ یہ دیوی خود عامل کی بیوی بن کر رہتی ہے۔ عامل کو کسی چیز کے لئے پریشان نہیں ہونے دیتی اور عامل کی ہر خواہش کو پورا کرتی ہے۔ عامل کو مالا مال کر دیتی ہے اور جب یہ دیوی آتی ہے تو بہت ساری دھن دولت لاتی ہے۔ مگر عامل کو چاہئے جب وہ اس کا عمل کرے، تو کسی بھی عورت کی طرف بری نگاہ سے نہ دیکھے اور نہ ہی اس کو اپنا بنانے کا خیال دل میں کبھی لائے کیونکہ یہ دیوی عامل کے ساتھ کسی بھی طور سے کسی عورت کو برداشت نہیں کرتی وہ اس عورت کو نقصان پہنچاتی ہے اور یہاں تک کہ عامل کو بھی کہیں کا رہنے نہیں دیتی۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اجازت ضرور لیں اور میری ہدایات کو مذاق نہ جانیں ورنہ نقصان ہوگا۔ حصار کا منتر 101 دفعہ اول و آخر

اُوم ھَریَن چاہ مُونڈے ہَرچول سَواھا۔

منتر برائے تسخیر

منترا! اُونگ کار کامنی

اس عمل کی تعداد 41 دن میں سوا لکھ ختم کرنا چاہئے۔

تسخیر برائے موھنی دیوی

یہ عمل موہنی دیوی کا ہے جس کا مطلب ہے محبت کرنے والی دیوی اور یہ دیوی ویسے تو سارے کام کرتی ہے مگر موہنی مطلب محبت والی دیوی کو عامل حضرات زیادہ تر محبت کے ہی کام میں استعمال کرتے ہیں۔ خواہ کیسا ہی کام ہو منٹوں میں کرتی ہے۔

موھنی منتر

آوے موھنی کچاھٹ ھَنڈوائے موھنی. وَٹ کی مِٹی مَسواں کے شاھی. تصویر بیٹھی رانی نُوں چُٹکی چلائی. اُڈوے امیرا اِن کے تائیں آوے تے چھَڈے نھیں تاں کلیجہ پھَڈے. سُتی نُوں اُٹھا لیا. بیٹھی کو بجا لیا بن حاضر کر لیا . نہ بن کے لے آویں تے ماتا کی ہَتی تاریں حرام کریں. دیکھاں ماتا مُوھنی تیرے علم کا تماشا.

تعداد عمل: 108 روزانہ یوم: 21

تسخیر کالا کلوہ

Imp

یہ عمل کالے کلوہ کا ہے۔ یہ بہت ہی شکتی شالی ہوتا ہے۔ مگر اس کا عمل اُستاد کے بغیر نہیں کرنا چاہئے یہ بہت خطرناک ہوتا ہے اور وقت آنے پر عامل کو موت کے گھاٹ اُتار دیتا ہے۔ عمل کے دوران بہت تنگ کرتا ہے۔ عمل میں آسانی سے کامیاب نہیں ہونے دیتا اس لئے ضروری ہے کہ آپ اس عمل کی اجازت ضرور لیں۔ بلا اجازت یہ عمل نہ کریں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔

منتر برائے کلوہ:

کالا کلوہ کالی رات میں للکاروں آدھی رات

سوتا ھے تو جاگ جاگتا ھے تو حاضر ھو

حاضر ھو کر میرا کام کر حاضر ھو حاضر ھو حاضر ھو

توشہ: پان، لڈو، سیندور اور شراب تعداد: 313 مدت: 21 دن

مصر کی دیوی کی، حاضرات

یہ حاضرات ایک مصر کی دیوی کی ہے جس کا نام اِلاّرا ہے جو بہت ہی خوبصورت ہے۔ اس حاضرات کی پڑھائی تھوڑی مشکل ہے اور دوسری حاضرات سے مختلف بھی ہے کیونکہ یہ حاضرات گریک کی زبان میں ہے۔ اس کی پڑھائی کو بہت ہی غور سے اور صحیح تلفظ سے

پڑھیں ورنہ آپ کی ساری محنت اکارت ہو جائے گی اور اس کو کرنے سے پہلے اس کا طریقہ سمجھنے کے لئے مجھ سے اجازت ضرور لیں۔ اس حاضرات کا طریقہ کچھ اس طرح سے ہے کہ سب سے پہلے ایک سفید پرچ لیں۔ جو غیر استعمال شدہ ہو۔ پھر اس میں پانی ڈالیں اور زیتون کا تیل بھی اور پھر سب سے پہلے اس کے درمیان میں کالی سیاہی جو پانی سے نہ ہٹے اس کی نچلی سطح کو کالا کر دیں پھر 25 دفعہ یہ عبارت دُہرائیں جو کہ گریک زبان میں ہے۔ آپ کی آسانی کے لئے میں نے اپنے ایک دوست کی مدد سے گریک زبان کو اُردو میں ترجمہ کر کے تحریر کیا ہے۔ عبارت یہ ہے۔

اِی، آئی اُوچھ چی ہاہ "آر" ذِیل آ اِی اِی آئِی اُو یُو۔

اس عبارت کو 25 دفعہ دُہرائیں مگر اس کا طریقہ یہ ہے کہ جب آپ یہ عبارت دہرائیں تو ہر بار آپ کی سانس نتھنوں سے باہر نکلنی چاہئے۔ پھر سفید ویکس سے ویکس کریں۔ پرچ کے باہر کی طرف اوپری دائرے پر پھر 18 دفعہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھیں۔ عبارت یہ ہے

تاچائیل ڈریکسُو۔

پھر پرچ کو سامنے زمین پہ رکھ کر اس میں غور سے دیکھیں اور دیکھتے ہوئے یہ عبارت پڑھیں۔

آئرمی فیلو '6' مَاڈر کُو' مَالُو کے گاؤلی افرائیل۔ مَیں کہہ رہا ہوں

اس عبارت کو 3 دفعہ دُہرائیں پھر یہ کہیں۔

میں تمہیں پکار رہا ہوں۔ اے محترم ماں اور محترم دیوی الاوچ اور برائے' لاوچ ٹلوز' آؤ مقدس روشنی میں آؤ۔ مجھے جواب دو۔ اپنا خوبصورت دیدار کراؤ۔

یہ کہتے وقت پرچ میں بہ غور دیکھتے رہیں اور جب آپ دیکھیں کہ وہ آ گئی ہے تو کہیں (پچل) اور بہت خوبصورت دیوی الارا میری گزارش سنو اور میری مدد کرو اور اپنے ہاتھ میری طرف بڑھاؤ اور جب وہ اپنے ہاتھ تمہاری طرف بڑھائے سمجھو تمہارا کام بن گیا پھر اپنے سوالوں کے جواب پوچھو اور اگر وہ ہاتھ نہ بڑھائے اور تمہاری بات نہ سنے تو پھر یہ جملے دہرائیں۔

میں تمہیں پکار رہا ہوں اے الاوچ خوبصورت ہورائی اور تم میرے سامنے آؤ اور اپنا خوبصورت اور روشن چہرہ مجھے دکھاؤ o اومحترم الاوچ میں تمہیں واسطہ دیتا ہوں مقدس

ناموں کا اور میں تمہیں واسطہ دیتا ہوں مقدس نام "اوآئی سیا کا میرے سامنے آؤ اور میرے سوالوں کا جواب دو۔

اس طرح سے وہ پرچ میں حاضر ہو جائے گی اور تمہارے تمام سوالوں کا جواب دے گی۔ آپ اِس حاضرات کو پرچ کے علاوہ پیالی اور پلیٹ پر بھی کر سکتے ہیں۔

عمل برائے ٹیلی پیتھی

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ ہزاروں میل دور بیٹھے ہوئے بغیر کسی سائنٹیفک چیز کی مدد کے اپنے کسی چاہنے والے یا کسی دوست احباب سے بات کر سکیں۔

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ دور میلوں دور بیٹھ کر دوسروں کے دِل و دماغ پڑھ سکیں اُن کی سوچ جان سکیں۔

☆ کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہزاروں میل دور بیٹھ کر دُنیا میں ہونے والے اہم واقعات اور اہم پروگرام کسی ٹیلیویژن یا ریڈیو کے بغیر دیکھ اور سن سکیں۔

☆ مہابھارت کے مہان وجیتا سنجے نے بھی یہ سادھنا جسے دیو یا درشتی سادھنا کہتے ہیں سدھ کی ہوئی تھی جس کی مدد سے وہ ہزاروں میل دور بیٹھ کر بھی دوسری جگہ کے حالات جان لیتا تھا۔

☆ دور شرون یا دیو یا شرون سادھنا ایک ایسی سادھنا ہے۔ جس میں اُس کا عامل بغیر ٹیلیفون اور بغیر کسی سائنٹیفک چیز کے بغیر اپنا خیالات اور اپنی باتیں کسی دوسرے آدمی تک پہنچا سکتا ہے اور اس کی طرف سے کہا جانے والا جواب بھی سن سکتا ہے۔

☆ اب آپ سوچیں کہ آپ کراچی میں بیٹھے ہوئے ہیں اور اپنے کسی عزیز یا دوست احباب سے بات کرنا چاہتے ہیں جو اُس وقت کسی دوسرے شہر یا ملک میں ہے تو آپ بغیر فون کے اس سادھنا کے ذریعے اس سے بات کر سکتے ہیں اور اُس کے خیالات جان سکتے ہیں۔

☆ ان سب کاموں میں کامیابی اور مہارت حاصل کرنے کے لئے آپ کو درج ذیل سادھنا کرنی پڑے گی۔ اس سادھنا کو پورا کرنے اور اُس میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد ہی آپ اوپر بتائے گئے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ یہ سادھنا بہت مشکل نہیں ہے لیکن اتنی آسان بھی نہیں ہے۔ بس اس کو پورا کرنے کے لئے پختہ عقیدے اور کامل یقین اور پورے تصور کی ضرورت ہے۔ اگر آپ میں یہ سب باتیں

موجود ہیں تو آپ بہت جلدی اس عمل میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ آپ کو چاہئے کہ آپ اس عمل کو ایک دفعہ ضرور آزمائیں اس کے اور دیگر فوائد تو آپ اس کے عامل بن کے ہی جان سکتے ہیں اور اس میں کامیاب ہونے کے بعد آپ کے لئے دُنیا کی کوئی بھی بات خفیہ نہیں رہے گی۔ آپ کچھ بھی دیکھ سن اور بول سکتے ہیں جو دُنیا میں موجود ہے۔

طریقه

اس سادھنا کو آپ کسی بھی اتوار سے شروع کر سکتے ہیں اور عمل مسلسل (11) گیارہ روز تک کرنا ہے اور اس سادھنا کے روزانہ سدھ کرنے کا وقت کم از کم ایک گھنٹہ ہے۔

اس سادھنا کو کرنے کا سب سے اچھا وقت صبح 4 بجے سے 6 بجے تک کا ہے ویسے تو آپ یہ سادھنا کسی بھی وقت کر سکتے ہیں لیکن صبح کے وقت تازہ ماحول اور تازی ہوا میں اس کے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں اور کوئی بھی شور وغل کی آواز جو کہ آپ کے عمل کے لئے موزوں نہیں ہے موجود نہیں ہوتی پر سکون فضا میں یہ عمل کرنے سے آپ جلد ہی کامیاب ہو سکتے ہیں اور کسی بھی شخص کو ٹیلی پیتھی کرنے کے لئے اس سے اچھا وقت نہیں ہے۔ عمل کرنے والے کو چاہئے کہ صبح سویرے جلدی اُٹھ کر تمام ضروریات سے فارغ ہو کر تازے پانی سے غسل کرے اور کوشش کرے کہ عمل کے دوران پیلے کپڑے پہنے اور پیلے آسن پر بیٹھ کر جنوب کی طرف منہ کر کے یہ عمل کرے اور ضروری بات یہ ہے کہ اپنے سامنے خالص گھی کا چراغ روشن کرے۔

اس سادھنا میں تین چیزیں ضروری ہیں اُستاد کی تصویر ایک نئی مالا جو 108 دانوں کی ہو اور اُستاد کی اجازت کیونکہ اُستاد ہی کی اجازت سے منتر اور عمل جاگتے ہیں اور اُستاد ہی شاگرد کیلئے منتروں اور عملیات میں کرنٹ ڈالتا ہے اور اسے کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔ عمل کرنے والے کو چاہئے کہ سامنے اُستاد کی تصویر رکھے اُس کے آگے چراغ جلائے پھر تین دفعہ دل سے یہ کہے:

اوم

اور اپنا تصور اُستاد کی طرف کر کے پھر نیچے دیئے گئے منتروں کا جاپ کرے۔

اُوم بَرم برھمَانڈ وَائی بَرم پَھٹ۔

اس طرح کے اور عملیات آپ میری دوسری کتاب میں ملاحظہ فرمائیں جو بھی تشکیل دے رہا ہوں۔ لہٰذا میری دعا ہے آپ ہر عمل میں کامیاب ہوں اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔

مکتبہ آئینہ قسمت لاہور کی شہرہ آفاق کتب

حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کی تصانیف

کتاب	تفصیل
مصباح الجفر	آئمہ معصومین کا پاکیزہ علم سیکھنے کے لئے اس سے بہتر کوئی کتاب نہیں۔
مصباح الرمل	نقطوں اور لکیروں کے بے پایاں علم، ماضی، حال، اور مستقبل جاننے کے راز۔
مصباح الاعداد	علم الاعداد 9,8,7,6,5,4,3,2,1 سے پیش گوئیاں کرنے کے قواعد۔
مصباح العملیات	اعمال خاندان زنجانیہ عالیہ، اعمال قادریہ اور اعمال چشتیہ کے مجربات۔
مصباح الریمیا	شعبدہ بازی کیا ہے اور اس کے سربستہ راز کیا ہیں؟
مصباح الفراست	المشہور دنیا والوں کے لئے دست شناسی پر ایک جامع تصنیف۔
مصباح النجوم	منجم اعظم کا شائقین علم النجوم کے لئے سدابہار تحفہ۔ قیمت حصہ اول۔ حصہ دوم (زیر طبع)
آپکی تاریخ ولادت	آپکا ماضی، حال اور مستقبل، یہ کتاب منجمین سے بے نیاز کر دے گی۔
مصباح القیافہ	مصباح القیافہ دانائے مردم شناسی کے لئے ایک سدابہار تصنیف۔
خواب اور تعبیر	(مصباح الرویا) اضافے کے ساتھ نیا ایڈیشن۔
تسخیرات ہمزاد	ہمزاد کیا ہے۔؟ آپکے جسم لطیف کی تسخیر کیسے ممکن ہے؟
استخارہ قرآنیہ	جفار اعظم حضرت اکبر محی الدین ابن عربی عراقی کے فال نکالنے کے قرآنی قواعد۔ ہدیہ۔
استخارہ سجادیہ	سید نا امام زین العابدین ابن حسینؑ کا زندہ معجزہ، منکرین کے لئے لمحہ فکریہ۔ (زیر طبع)
طلسمات سامری	طلسمات کے شوقین حضرات کے لئے ایک نادر کتاب۔
سحر اسود	پاک و ہند میں کالے جادو پر اس سے بہتر کوئی کتاب موجود نہیں۔
مفاتیح الغیب	حضور سیدنا صادق آل محمد کی تصنیف واقعی خزانہ غیب کی کلید ہے۔ ہدیہ۔
کلیہ رلیس دوسٹہ	شائقین ریس دوسٹہ کے لئے انمول تحفہ، شائقین علوم خفیہ کے لئے۔
علاج بالنجوم	تشخیص امراض کے لئے منجم اعظم کی نادر روزگار اہم تصنیف۔
تجلیات جفر	جفر کے موضوع پر ایک اور آسان کتاب۔ از قلم بابر سلطان قادری۔
فانوس ابجر	جفر کے تحت حل کئے گئے قواعد پر مشتمل کتاب، از قلم خالد خان خلجی۔
تحقیق جفر	شائقین علم الجفر کی نذر۔ از قلم بابر سلطان قادری۔
نادِ علیؑ	نادِ علیؑ کے موضوع پر ایک جامع کتاب۔ از قلم ریاض جعفری ایڈووکیٹ ہائی کورٹ۔
طلسمات ہدہد	طلسمات کے موضوع پر شاہ زنجانی کی جامع کتاب۔
اسرار طلسمات	طلسمات کے موضوع پر ایک اور جامع کتاب۔ از پنڈت گردھاری لعل۔
قانون طلسمات	صدیوں پرانے عبرانی سریانی قواعد کا مرقع۔ از قلم علامہ محمد رفیق زاہد۔
فیوض طلسمات	اعمال بد، سحر و جادو سے نیکی کی جنگ۔ از قلم سید فیض احمد شاہ مختاری۔
اسرار عجیبہ	اسرار عجیبہ کے موضوع پر ایک جامع کتاب۔ حصہ اول، حصہ دوم اشاعت نو
تقویم سیارگان	1951ء تا 2000ء شائقین نجوم کے لئے
حقائق ہمزاد	نمبر ہمزاد کے تمنی حضرات کے لئے ابدالسلطان کے قلم سے بہترین تحقیق۔ ذرا اسے ایک بار آپ کی نظر سے گزریں
بیاض عملیات	عامل کامل اور جفار علامہ شاہ گیلانی کی زندگی کا نایاب اور یادگار خزانہ

روحانی زندگی کے سات بہترے اصول

ترجمہ ظفر عظیم

کتاب	تفصیل
بیاض نظامی	ماسٹر محمد شفیع نظامی کے قلم سے ان کی روحانی زندگی کے تجربات کا نچوڑ
بوستان طلسمات	علامہ محمد رفیق زاہد دانائے طلسمات کی شہرہ آفاق تصنیف۔
رفیق طلسمات	علامہ محمد زاہد کی طلسمات کے باب میں نایاب اضافہ۔
آئینہ مسمریزم	شائقین مسمریزم کے لئے معلم کتاب۔
خواب اور تعبیر	(مصباح الرویا) اضافے کے ساتھ نیا ایڈیشن۔
روح النجوم (زیر طبع)	ابجد نجوم (حصہ اول، دوم اور سوم تا نہم تصنیف)
روحانی دعائیں	ایک ایسی کتاب جو آپ کے دل کو سکون پہنچائے گی۔
بحر الحاضرات	محمد منظور عالم صدیقی کے قلم سے حاضرات کے موضوع پر قدیم و جدید حاضرات کا بہترین امتزاج۔
حاضرات کی دنیا	حاضرات کے موضوع پر انتہائی کامیاب اور پر اثر تحقیق۔ 342 عمل حاضرات۔ از قلم قیصر احمد
آئینہ ہپناٹزم	شائقین ہپناٹزم کے لئے ایک معلم کتاب۔
عملیات حب (زیر طبع)	عملیات بغض (زیر طبع) تحقیق نگینہ (زیر طبع) روح الاعداد (زیر طبع)

دیگر مصنفین کی کتب

کتاب	تفصیل
قرآن سائنس اور نجوم	منکرین علم النجوم کے لئے ایک بہترین کتاب۔ مبتدی حضرات ضرور پڑھیں۔
جامع النجوم	علم النجوم سیکھنے کے شائقین کے لئے ایک آسان اور سہل تصنیف۔
رجوع	خفیہ زندگی کو خوشگوار بنانے کے راز مع طلسمات۔
حروف صوامت	شائقین عملیات کے لئے شاہ زنجانی کا ایک تحفہ، گرہن 1995ء تا 2050ء کے ساتھ۔
ارواح الجفر	جفر کے شائقین کے لئے تحفہ۔ ترتیب نوشاہ زنجانی۔
خزینہ جفر	علم الجفر پر ایک آسان اور سہل تصنیف از قلم لیاقت اللہ قریشی۔

دوبئی میں کتب ملنے کا پتہ MALIK NEWS AGENCY DUBAI

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II

حضرت سیّد میراں حسین زنجانی روڈ

لاہور پوسٹ کوڈ 54660